http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
e.sheharnama.com
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہرنامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com
Facebook@sheharnama.com

ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | ہفتہ 18 جولائی 2026ء 03 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 317
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

پٹرول 5 ڈیزل 31 روپے مہنگا

حکومت نے 3 دن کیلئے نئی قیمتوں کا اعلان کیا، آئندہ اوگرا کی جانب سے قیمت کا تعین اور ریٹ جاری کیے جائیں گے، وزارت توانائی کا اعلامیہ جاری

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین روزانہ ہوگا، نظام سے شفافیت میں اضافہ ہوگا اور پرائسنگ فارمولا سب کے سامنے ہوگا، علی پرویز ملک، عطا تارڑ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے 3 روز کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑا اضافہ کردیا۔ وزارت توانائی کی جانب سے جاری نوٹی فکیشن کے مطابق حکومت نے آئندہ 3 کیلئے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 5 روپے 44 پیسے جبکہ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 31 روپے پانچ پیسے کا اضافہ کیا ہے۔ وزارت توانائی (پیٹرولیم ڈویژن) کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق حالیہ اضافے کے بعد پیٹرول کی قیمت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے نظام کو روزانہ کی بنیاد پر لانے سے قیمتوں میں ہونے والے اتار چڑھاؤ کے اثرات بروقت عوام تک منتقل ہوں گے، اس نظام سے شفافیت میں اضافہ ہوگا اور پرائسنگ فارمولا سب کے سامنے ہوگا۔ جمعہ کو یہاں وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کے ہمراہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، وزیر اطلاعات عطا تارڑ پریس کانفرنس کررہے ہیں

بلوچستان حکومت اور کوئٹہ دھرنا کمیٹی کے درمیان مذاکرات کامیاب

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی مفاہمتی کوششیں کامیاب ہوگئیں، صوبائی حکومت اور کوئٹہ دھرنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

پٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن، حکومت پرائس ڈی ریگولیشن پالیسی مسترد

فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو آئندہ ہفتے احتجاج اور ہڑتال پر غور کیا جائے گا، نعمان بٹ

کراچی: (نیوز رپورٹ) آل پاکستان پٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے حکومت کی مجوزہ پٹرولیم پرائس ڈی ریگولیشن پالیسی مسترد کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو آئندہ ہفتے احتجاج اور ہڑتال پر غور کیا جائے گا۔ ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین نعمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر صحت مصطفیٰ کمال پاکستان اور چین کی فارما کمپنیز میں معاہدہ کی تقریب میں شریک ہیں

اسرائیل کا غزہ میں جنازے پر حملہ: 9 سوگوار شہید 20 زخمی

حملہ کے وقت پناہ گزین کیمپ میں جنازہ اٹھایا جارہا تھا، حماس کمانڈر انس محمود احمد حمدان کو نشانہ بنایا، صیہونی فوج کا دعویٰ

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ کے نصیرات پناہ گزین کیمپ میں ایک جنازے کے لیے جمع شہریوں پر اسرائیل کے براہ راست حملے میں 9 فلسطینی جاں بحق جبکہ 20 افراد زخمی ہوگئے۔ عالمی خبررساں ادارے کے مطابق یہ حملہ اس وقت کیا گیا جب فلسطینی شہری ایک ایسے شخص کی نماز جنازہ ادا کر رہے تھے جو اسی روز ہونے والے ایک اور اسرائیلی حملے میں شہید ہوگیا تھا۔ ایسوسی ایٹڈ پریس سے گفتگو میں نصیرات کے العودہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

آزاد کشمیر سابق وزیر اعظم قافلے پر فائرنگ 1 جاں بحق متعدد زخمی

سردار تنویر الیاس کے قافلہ پر فائرنگ ٹائیں ڈھلکوٹ کے مقام پر کی گئی، سابق معاونِ خصوصی سردار امتیاز شاہین کے زخمی ہونے کی اطلاعات

وزیر اعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور کا قافلہ بھی حادثے کا شکار، پولیس اہلکار جاں بحق، 5 زخمی، حلقہ انتخاب میں الیکشن مہم کے دوران خورشید آباد سے کہوٹہ جارہے تھے

پلندری (بیورو رپورٹ) آزاد کشمیر کے سابق وزیر اعظم اور حال ہی میں استحکام پاکستان پارٹی جوائن کرنے والے سردار تنویر الیاس کے قافلے پر فائرنگ ہوئی جس میں سکیورٹی گارڈ جاں بحق اور کئی افراد زخمی ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق سابق وزیر اعظم سردار تنویر الیاس کے قافلے پر فائرنگ ٹائیں ڈھلکوٹ کے مقام پر کی گئی، فائرنگ کے واقعے میں سابق معاونِ خصوصی سردار امتیاز شاہین کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں جب کہ فائرنگ کے سبب قافلے میں شامل کئی گاڑیوں کے شیشے ٹوٹ گئے اطلاعات کے مطابق سردار تنویر الیاس خان قافلے کے ہمراہ دو روزہ دورے پر راولاکوٹ جا رہے تھے۔ فائرنگ سے جاں بحق سکیورٹی گارڈ سردار آصف یوسف کا تعلق کوٹیرہ گوراہ پلندری سے تھا، سردار آصف یوسف کچھ عرصے قبل ہی وزیر اعظم پاکستان کی سکیورٹی ڈیوٹی سے ریٹائرڈ ہوئے اور سردار تنویر الیاس کی پرسنل سکیورٹی پر مامور تھے جو کہ سر پر گولی لگنے سے جاں بحق ہوئے ہیں۔ وزیر اعظم آزاد کشمیر راجا فیصل ممتاز راٹھور کے قافلے میں شامل پولیس کی گاڑی حویلی کہوٹہ میں حادثے کا شکار ہوئی، جس کے نتیجے میں ایک اہلکار جاں بحق اور 5 زخمی ہوگئے ہیں جن میں سے دو کی حالت تشویش ناک ہے۔ رپورٹ کے مطابق آزاد کشمیر کے وزیر اعظم فیصل ممتاز راٹھور اپنے حلقہ انتخاب میں الیکشن مہم کے دوران خورشید آباد سے کہوٹہ جارہے تھے کہ چھاچھل کے قریب قافلے کی سکیورٹی پر مامور پولیس کی گاڑی موڑ کاٹتے ہوئے کھائی میں جاگری۔ پولیس گاڑی کے حادثے کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار عنصر موقع پر دم توڑ گیا جبکہ 5 اہلکار برکت راٹھور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

حکومت پٹرولیم لیوی کے نام پر بھتہ وصولی بند کرے، حافظ نعیم

پٹرولیم قیمتوں میں روزانہ اضافہ عوام سے روزانہ لوٹ مار کے مترادف ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کے حکومتی فیصلے کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے عوام کی جیبوں پر روزانہ ڈاکا ڈالنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے رد عمل میں حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ روزانہ کی بنیادوں پر پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کا مطلب حکمرانوں نے عوام کو روزانہ لوٹنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اتحادی حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے بجائے پٹرول پر عائد 120 روپے فی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

آئینی عدالت، جامعہ کراچی کی سلیکشن کمیٹی، منڈیکیٹ کے فیصلے بحال

ہر معاملے میں رجوع کرنے سے عدالت تقرریوں کیلئے اپیل کا فورم بن جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) سرکاری جامعات میں بھرتیوں سے متعلق وفاقی آئینی عدالت نے اہم فیصلہ جاری کیا، وفاقی آئینی عدالت نے فیصلہ کراچی یونیورسٹی میں بھرتیوں کے کیس میں جاری کیا۔ فیصلے کے مطابق ہر ناکام امیدوار شفافیت کے فقدان یا قواعد کی خلاف ورزی کا الزام لگا کر آئینی معاملے میں تبدیل نہیں کرسکتا، آئینی دائرہ اختیار صرف اسی وقت بروئے کار لایا جاتا ہے جب بھرتیوں کے عمل کی قانونی حیثیت متاثر ہو، ہر معاملے میں جائزے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)


بلوچستان حکومت اور کوئٹہ دھرنا کمیٹی کے درمیان معاہدہ پر دستخط کیے جارہے ہیں

مہنگائی میں مزید اضافہ ایک ہفتے میں 27 اشیائے ضروریہ مہنگی

سب سے زیادہ اضافہ ڈیزل کی قیمت میں 4.41 فیصد جبکہ پیٹرول 4.40 فیصد ریکارڈ کیا گیا، جس کے باعث ہر چیز مہنگی ہوگئی

حالیہ ہفتے مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں 1.40 فیصد جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی 13.09 فیصد پر پہنچ گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں مالی سال کے دوسرے ہفتے میں مہنگائی میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ 27 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھ گئیں۔ وفاقی ادارہ شماریات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق حالیہ ہفتے میں 27 اشیائے ضروریہ مہنگی، 4 سستی اور 20 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ رپورٹ کے مطابق آلو 0.85 اور چکن 14.66 فیصد مہنگا ہوا جبکہ پیاز 1.53 اور ٹماٹر کی قیمت میں 22.79 فیصد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ماجد ستی قتل کیس، فرخ کھوکھر نے فیصلہ چیلنج کردیا

ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے درخواستیں سماعت کے لیے منظور، ریکارڈ طلب کرلیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک انصاف کے کارکن ماجد ستی قتل کیس میں سزا پانے والے جمعیت علمائے اسلام کے رہنما فرخ تاجی کھوکھر نے اپنے کے خلاف فیصلہ چیلنج کردیا۔ فرخ کھوکھر نے فیصلہ معطل کرکے ضمانت کی درخواست بھی دائر کر دی۔ ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے اپیل اور ضمانت کی دونوں درخواستیں سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے ایک ہفتے میں ریکارڈ طلب کرلیا۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ غلط سزا دی گئی، فرخ کھوکھر موقع پر ہی نہیں تھا۔ ہائی کورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

چین الیکشن ڈیٹا ہیک کرنے کی کوشش کررہا ہے، امریکی صدر

انتخابات سے متعلق خفیہ انٹیلی جنس دستاویزات فوری ڈی کلاسیفائی کی جائے

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ چین الیکشن ڈیٹا ہیک کرنے کی کوشش کررہا ہے، امریکی الیکشن میں چین مداخلت کی کوشش کررہا ہے۔ امریکی قوم سے خطاب میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ چین چاہتا ہے ٹرمپ صدارتی الیکشن ہار جائیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات سے متعلق خفیہ انٹیلی جنس دستاویزات فوری ڈی کلاسیفائی کی جائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پانی بہاؤ میں اضافہ، تربیلا ڈیم کے سپل ویز کو کھول دیا گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) تربیلا ڈیم کے سپل ویز کو کھول دیا گیا۔ این ڈی ایم اے کے مطابق سپل ویز کھلنے کے باعث دریائے سندھ کے نشیبی علاقوں پانی کے بہاؤ میں اضافہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

کاروبار میں آسانی کیلئے پالیسی اقدامات میں تیزی لائی جائے، شہباز شریف

کاروبار میں آسانی کیلئے پالیسی سازی پر وزارت قانون، متعلقہ اداروں کی کاوشیں لائق تحسین ہیں، اجلاس میں گفتگو

چین کو قابل اعتماد دوست، 44 کروڑ ڈالر کے پاک چین معاہدے، سی پیک 2.0 کو نئی رفتار مل گئی، وزیر اعظم

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کاروبار میں آسانی کیلئے حکومت کے پالیسی اقدامات اور آسان کاروبار ایکٹ 2025 کے نفاذ میں تیزی لائی جائے، پاکستان میں مقامی و بیرونی سرمایہ کاری کی وسیع استعداد سے بھرپور فائدہ اٹھانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت کاروبار میں آسانی کیلئے اقدامات پر جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس میں وزیر اعظم نے ہدایت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

جے ڈی وینس نے مذاکرات سے مالی فائدہ کے الزامات مسترد کردیے

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے وائٹ ہاس کے سینئر مشیروں جیرڈ کشنر اور اسٹیو وٹکوف پر ایران سے متعلق مذاکرات کے دوران مالی فائدہ اٹھانے کے الزامات کو مکمل طور پر بے بنیاد قرار دے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

جون میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 65 کروڑ ڈالر تک چلا گیا

جون 2025 میں کرنٹ اکاؤنٹ 22 کروڑ ڈالر سرپلس رہا تھا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) جون 2026 کے دوران ملک کے جاری کھاتے (کرنٹ اکاؤنٹ) کو 65 کروڑ ڈالر کے خسارے کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ مئی 2026 میں جاری کھاتہ 50 کروڑ ڈالر سرپلس میں تھا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق جون 2025 میں کرنٹ اکاؤنٹ 22 کروڑ ڈالر سرپلس رہا تھا، تاہم رواں سال جون میں یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

اینڈی برنہم، آئندہ ہفتے برطانوی وزیر اعظم کے طور حلف اٹھائیں گے

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ میں حکمران لیبر پارٹی کے نئے سربراہ کا اعلان کردیا گیا، رکن پارلیمنٹ اینڈی برنہم لیبر پارٹی کے نئے رہنما منتخب ہوگئے ہیں۔ برطانوی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

جولائی کے امریکی حملے، ایران میں 38 افراد جان سے گئے

زخمیوں میں 22 خواتین اور 9 بچے شامل، 47 افراد تاحال زیر علاج

تہران (صباح نیوز) ایران کی وزارت صحت نے کہا ہے کہ جولائی کے دوران امریکی حملوں میں 38 افراد جاں بحق جبکہ 400 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ وزارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

حکومت کشمیر، فلسطین کو خارجہ پالیسی کی اولین ترجیحات بنائے، جماعت اسلامی

قومی سلامتی مسئلہ کشمیر کے حل سے سے وابستہ ہے، مرکزی مجلس شوریٰ کی قرارداد

لاہور (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پاکستان کی مجلس شوریٰ نے آزاد جموں و کشمیر، مقبوضہ کشمیر، فلسطین اور مشرق وسطیٰ کی مجموعی صورتحال پر منظور کی گئی قراردادوں میں حکومت پاکستان پر زور دیا ہے کہ وہ مسئلہ کشمیر اور فلسطین کو خارجہ پالیسی کی اولین ترجیحات بنائے، آزاد کشمیر کے جاری بحران کے حل کے لیے فوری مذاکرات کا آغاز کرے، مقبوضہ کشمیر میں بھارتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

آبنائے ہرمز میں کشیدگی، گیس سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ

سپلائی متاثر ہونے کے باعث پاکستان کا اضافی ایل این جی درآمد کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (آئی این پی) آبنائے ہرمز میں کشیدگی کے سبب قطر سے سپلائی متاثر ہونے کے باعث پاکستان نے اضافی ایل این جی درآمد کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق آبنائے ہرمز میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور قطر سے ایل این جی سپلائی متاثر ہونے کے خدشہ ہے، جس کے پیش نظر پاکستان نیا اضافی ایل این جی درآمد کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ بلومبرگ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، کنوینر محمد معین عامر پیرزادہ پی اے سی کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کیپیٹل مارکیٹ ڈویلپمنٹ کونسل کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ٹرمپ سفارتکاری کیلئے اب بھی تیار ہیں، وائٹ ہاؤس

آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں پر حملوں کی اجازت نہیں دینگے، کیرولائن لیویٹ

واشنگٹن (صباح نیوز) وائٹ ہاؤس کی پریس سیکریٹری کیرولائن لیویٹ نے کہا ہے کہ امریکا دوبارہ کشیدگی کے باوجود ایران سے بات چیت جاری رکھے ہوئے ہے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ سفارتکاری کے لیے اب بھی تیار ہیں، ہم ایران کو کسی بھی وقت، کسی بھی جگہ اور کسی بھی مقام پر نشانہ بنا سکتے ہیں۔ وائٹ ہاؤس کی پریس سیکرٹری کیرولائن لیویٹ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

حسینہ وطن واپس آئیں تو جیل جائیں گی، چیف پراسیکیوٹر بنگلہ دیش

ڈھاکا (صباح نیوز) بنگلہ دیش کے انٹرنیشنل کرائمز ٹریبونل کے چیف پراسیکیوٹر محمد امین الاسلام نے کہا ہے کہ معزول سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ جیسے ہی بنگلہ دیش کی سرزمین پر قدم رکھیں گی، انہیں فوراً گرفتار کرکے جیل منتقل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

استنبول سے اسلام آباد آنے والی ترک ایئر لائن کی پرواز میں خرابی

باکو (صباح نیوز) استنبول سے اسلام آباد کی شیڈول پرواز کو آذربائیجان کی فضائی حدود میں تکنیکی خرابی کا سامنا کرنا پڑا جس کے بعد پائلٹ نے ایمرجنسی ڈیکلیئر کی اور پرواز کو باکو اتار لیا۔ ایوی ایشن کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

شنگھائی، اسحاق ڈار کی انتونیو گوتریس سے ملاقات

ملاقات کے دوران خطے اور دنیا کی تازہ ترین صورتحال پر بات چیت

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات شنگھائی میں ورلڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کانفرنس کے موقع پر ہوئی، ملاقات میں اقوام متحدہ اور ٹیلیفونک رابطوں کے ذریعہ حالیہ ملاقاتوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

لاہور، وزیر ریلوے حنیف عباسی مریم اورنگزیب سے ملاقات کررہے ہیں

وزیر ریلوے حنیف عباسی سے مریم اورنگزیب کی ملاقات

باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے اور مشترکہ ترقیاتی منصوبوں پر تبادلۂ خیال

لاہور (بیورو رپورٹ) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے پاکستان ریلوے ہیڈ کوارٹرز، لاہور میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کے عوام کو جدید، محفوظ اور معیاری سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے پاکستان ریلویز اور حکومتِ پنجاب کے درمیان باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے اور مشترکہ ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سینئر وزیر پنجاب نے حکومتِ پنجاب کی جانب سے صوبے بھر میں موجود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اسرائیل کا جھوٹا پروپیگنڈا سفارتکاری متاثر نہیں کرسکتا، قطر

رپورٹس بے بنیاد، ہم کسی ہمسایہ ملک کے خلاف فوجی کارروائی میں شریک نہیں

دوحہ (صباح نیوز) قطر نے کہا ہے کہ اسرائیل کا جھوٹا پروپیگنڈا ہماری سفارتی کوششوں کو متاثر نہیں کرسکتا۔ ترجمان قطری وزارت خارجہ کے مطابق اسرائیلی میڈیا کی رپورٹس بے بنیاد ہیں، ہم کسی ہمسایہ ملک کے خلاف فوجی کارروائی میں شریک نہیں، اسرائیل کی جھوٹی خبروں کا مقصد ثالثی کوششوں کو نقصان پہنچانا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ جھوٹا پروپیگنڈا ہماری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

ملک بھر میں بارشوں کی پیشگوئی، الرٹ جاری کردیا گیا

مختلف علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان، شہری احتیاط کریں

اسلام آباد (صباح نیوز): محکمہ موسمیات نے 18 سے 25 جولائی تک ملک کے مختلف علاقوں میں بارشوں کی پیشگوئی کرتے ہوئے متعلقہ اداروں اور شہریوں کو موسمی صورتحال کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 18 سے 25 جولائی کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں مون سون ہواؤں کے اثرات کے باعث گرج چمک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

سیکیورٹی فورسز بنوں اور ملحقہ علاقوں میں کارروائیاں 24 خوارج ہلاک

ہلاک خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد، متعدد کارروائیوں اور بے گناہ شہریوں کے قتل میں ملوث تھے، آئی ایس پی آر

معصوم شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد، راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے بنوں اور ملحقہ علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 24 خوارج ہلاک کردیے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق بنوں ضلع میں حالیہ دہشت گرد کارروائیوں، پولیس پر حملوں اور گاڑی میں نصب خودکش بم دھماکے کے تناظر میں سیکیورٹی فورسز نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر وسیع پیمانے پر انٹیلی جنس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

میرپور، وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام جلسہ سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد، ایڈیشنل سیکرٹری بی آئی ایس پی عصمت نواز ایشین ڈویلپمنٹ بینک سے میٹنگ کررہے ہیں

سفیر معین الحق نے ڈی جی ISSI کا چارج سنبھال لیا

سفارتکاری اور اعلیٰ سطح کی فیصلہ سازی کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) سفیر معین الحق نے انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) کے ڈائریکٹر جنرل کا چارج سنبھال لیا ہے۔ انہوں نے اپنی مدت مکمل ہونے پر سفیر سہیل محمود سے یہ عہدہ سنبھالا۔ سفیر معین الحق سفارتکاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

آبنائے ہرمز بحران سے عالمی توانائی کو خطرات

پیرس، جنیوا (صباح نیوز) بین الاقوامی توانائی ایجنسی کے سربراہ فاتح بیرول نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کم نہ ہوئی اور آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی ترسیل معمول پر نہ آئی تو عالمی توانائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

کراچی، ٹی ٹی پی فیضی گروپ کے 2 اہم کارندے ہلاک

سپیشل انویسٹی گیشن یونٹ نے بھتہ خوروں کے خلاف بڑی، کامیاب کارروائی کی

کراچی (آئی این پی) اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ سی آئی اے کی کارروائی میں کالعدم ٹی ٹی پی فیضی گروپ کے 2 اہم کارندے مارے گئے۔ کراچی میں اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ سی آئی اے نے بھتہ خوروں کے خلاف ایک بڑی اور کامیاب کارروائی کی ہے، جس کے دوران کالعدم تحریکِ طالبان پاکستان کے کمانڈر فیض عرف فیضی گروپ کے دو انتہائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

بھارتی جرائم پیشہ گینگ عالمی شکنجے میں، بڑا آپریشن

واشنگٹن/نئی دہلی (کے پی آئی) امریکی وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف بی آئی) نے بھارتی منظم جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف اب تک کی سب سے بڑی بین الاقوامی کارروائی "آپریشن ہارڈ بال" کے دوران امریکہ، کینیڈا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
دوزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

جدید دور کی جنگیں!

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو نئی دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ معاہدہ نہ کیا تو اگلے ہفتے ایران کے بجلی گھروں اور پلوں کو نشانہ بنائیں گے۔ انہوں نے اس سلسلہ میں اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں باور کرایا کہ ایران پر حملے تب تک جاری رہیں گے جب تک میں نہ کہہ دوں کہ بس بہت ہو گیا۔ ان کے بقول انہیں ڈیڈ لائن دینے کا شوق نہیں تاہم ایرانی اپنا رویہ درست کریں۔ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکہ نے منگل کو ایران کے ساتھ بات چیت کی ہے اور اس پر معاہدہ کرنے پر زور دیا ہے۔ ایران میں توانائی کے اہداف کو آخری مرحلے میں دیکھا جائے گا، ہم اسے بُری طرح نشانہ بنا رہے ہیں، ایران میں ابھی کچھ جنگ لڑنے کی صلاحیت باقی ہے لیکن یہ بہت زیادہ نہیں۔ دوسری جانب امریکی فوج نے ایران کے خلاف ایک اور بڑے فوجی اپریشن کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ 14 جولائی کی رات ایران میں درجنوں فوجی اہداف کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا ہے۔ امریکی فوجی ترجمان کے مطابق یہ کارروائی تقریباً سات گھنٹے تک جاری رہی جس کا اختتام امریکی مشرقی وقت کے مطابق رات دس بجے ہوا۔ اس دوران امریکی لڑاکا طیاروں، ڈرونز اور بحری جنگی جہازوں سے جدید اور انتہائی درست نشانہ لگانے والے ہتھیار استعمال کئے گئے۔ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ ان کارروائیوں کا مقصد ایران کی اس صلاحیت کو مزید کمزور کرنا ہے جس کے ذریعے وہ آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں اور شہری عملے کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ امریکی فوجی حکام نے دعویٰ کیا کہ امریکہ کی جانب سے جنوب مشرقی ایران میں ایک فوجی اڈے پر کئے گئے میزائل حملوں میں کم از کم سات ایرانی فوجی ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے ہیں۔ ایرانی فوج نے اس امریکی کارروائی کو بزدلانہ جارحیت قرار دیتے ہوئے اس کا مناسب وقت پر بھرپور جواب دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس حوالے سے ایرانی حکومت کی ترجمان فاطمہ مہاجرانی نے کہا کہ امریکی حملوں میں 30 سے زیادہ ایرانی شہری بھی جاں بحق ہوئے ہیں۔ انہوں نے سوشل میڈیا کے پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ حکومت ہر ممکن طریقے سے عوام کے ساتھ کھڑی ہے، جنوبی ایران ملک کا دھڑکتا ہوا دل ہے اور حکومت وہاں کے شہریوں کی ہر ممکن مدد جاری رکھے گی۔ اسی طرح ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایران نے باور کرا دیا ہے کہ اس کی تیل اور گیس کی برامدات پر پابندیاں برقرار رہیں تو خطے میں توانائی کی ترسیل کے دوسرے راستے بھی بند کئے جا سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں ایران نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے کویت، بحرین اور اردن کے امریکی اڈوں پر میزائل برسا دیئے۔ بحرین نے ایرانی حملوں کو عالمی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے دعویٰ کیا کہ ایران نے شہری آبادی کو ٹارگٹ کیا۔ یہاں یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے امریکہ کے ساتھ حالیہ جنگ کے دوران گذشتہ روز پہلی بار ایرانی پارلیمنٹ کا باقاعدہ اجلاس منعقد ہوا جس میں متعدد ارکان نے امریکہ کے ساتھ طے پانے والی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت ختم کرنے اور ایرانی سپریم لیڈر خامنہ ای کی شہادت کا بدلہ لینے کا تقاضہ کیا۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق 290 رکنی پارلیمنٹ میں سے 180 ارکان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ امریکہ کے ساتھ موجودہ مفاہمتی یادداشت کو ختم کر کے نئی حکمت عملی اختیار کی جائے۔ اجلاس میں آبنائے ہرمز کی سٹریٹجک مینجمنٹ سے متعلق بل کی بھی منظوری دی گئی اور ایرانی مسلح افواج کی مکمل حمایت کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ علاوہ ازیں اقوام متحدہ میں انسانی حقوق کے سربراہ ولکر ترک نے امریکہ اور ایران پر فوری جنگ بندی پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ جنگی صورت حال کی وجہ سے انسانی حقوق داؤ پر لگ چکے ہیں اس لئے یہ سلسلہ اب فوری طور پر رک جانا چاہئے۔ یہ امر واقع ہے کہ امریکہ اور ایران کے مابین مسلسل بڑھتی ہوئی محاذ آرائی، ایک دوسرے کو کھلی دھمکیاں، عسکری کارروائیاں، سفارتی تعطل اور عالمی طاقتوں کی مداخلت نے صورتحال کو انتہائی نازک موڑ پر پہنچا دیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کو معاہدہ نہ کرنے کی صورت میں پلوں، بجلی گھروں اور دیگر بنیادی تنصیبات کو نشانہ بنانے کی دھمکی، اور اس کے جواب میں ایران کی جانب سے یہ اعلان کہ وہ دھمکیوں کے سامنے نہیں جھکے گا اور فی الحال وہ مذاکرات کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا، اس امر کا عکاس ہے کہ دونوں ممالک تصادم کے ایسے راستے پر گامزن ہیں جہاں کسی بھی غلط فیصلے کے نتائج دنیا کے امن کے لئے ناقابلِ تلافی ہو سکتے ہیں۔

ایرانی پارلیمنٹ کی جانب سے اسلام آباد میں ہونے والے مفاہمتی عمل سے متعلق ایم او یو کو ختم کرنے اور سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت کا بدلہ لینے کے اعلان سے بھی کشیدگی میں بلاشبہ مزید اضافہ ہوگا جبکہ امریکہ نے چین پر ایران کو فوجی ساز و سامان فراہم کرنے کا الزام عائد کر کے اس بحران کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ اگر بڑی طاقتیں ایک دوسرے کے خلاف الزامات اور طاقت کے اظہار کی پالیسی جاری رکھتی ہیں تو یہ تنازعہ صرف امریکہ اور ایران تک محدود نہیں رہے گا بلکہ عالمی طاقتوں کے براہِ راست ٹکراؤ پر منتج ہو سکتا ہے۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے مشرقِ وسطیٰ جنگوں، بیرونی مداخلت، دہشت گردی، پابندیوں اور سیاسی عدم استحکام کا شکار رہا ہے۔ عراق، شام، یمن، لبنان اور فلسطین کے عوام پہلے ہی مسلسل خونریزی اور انسانی المیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ ایسے میں اگر امریکہ اور ایران کے درمیان براہِ راست تصادم مزید شدت اختیار کرتا ہے تو نہ صرف خطے کا امن مکمل طور پر تباہ ہوگا بلکہ عالمی معیشت، توانائی کی رسد، بین الاقوامی تجارت اور کروڑوں انسانوں کی زندگیاں بھی داؤ پر لگ جائیں گی جبکہ خلیج کے سمندری راستوں میں معمولی سی رکاوٹ بھی دنیا بھر میں تیل کی قیمتوں، مہنگائی اور معاشی بحران کو جنم دے سکتی ہے۔

اس تناظر میں اقوامِ عالم کو بہرصورت یہ حقیقت پیشِ نظر رکھنی چاہیے کہ آج کے جدید دور کی جنگیں صرف فوجی محاذوں تک محدود نہیں رہتیں بلکہ ان کا سب سے بڑا نقصان عام شہریوں کو اٹھانا پڑتا ہے۔ بجلی گھر، پل، ہسپتال، پانی کی فراہمی کے نظام اور دیگر بنیادی ڈھانچے کسی بھی ملک کی شہری زندگی کی شہ رگ ہوتے ہیں۔ اگر ان پر حملوں کی دھمکیاں عملی شکل اختیار کرتی ہیں تو سب سے زیادہ وہاں کا عام انسان متاثر ہوگا جس کا کسی جنگی حکمت عملی میں کوئی کردار نہیں ہوتا۔ بین الاقوامی انسانی قوانین بھی شہری تنصیبات کے تحفظ پر زور دیتے ہیں، اس لیے تمام فریقین کو ایسی زبان اور ایسے اقدامات سے اجتناب کرنا چاہیے جو انسانی المیے کو مزید المناک بنا دیں۔

خلیج کی سلامتی، عالمی معیشت کا استحکام اور کروڑوں انسانوں کا مستقبل

صدر ٹرمپ نے ہرمز پر فیس عائد کرنے کا فیصلہ واپس لے لیا ہے تاہم امریکی افواج نے ایرانی مفادات کی ناکہ بندی کر دی ہے۔ حالیہ امریکی اقدامات، ایران کے سخت ردعمل، نئی پابندیوں اور بحری سرگرمیوں نے ایک بار پھر خدشات کو جنم دیا ہے کہ اگر حالات مزید بگڑتے ہیں تو اس کے نتائج پوری دنیا کو بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔ امریکہ کا مؤقف ہے کہ وہ بین الاقوامی سمندری راستوں کی آزادی، توانائی کی محفوظ ترسیل اور اپنے اتحادیوں کے مفادات کا تحفظ کر رہا ہے جبکہ ایران ان اقدامات کو اپنی خودمختاری کے خلاف قرار دیتے ہوئے انہیں خطے میں امریکی مداخلت کا تسلسل سمجھتا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان اعتماد کا فقدان اس قدر بڑھ چکا ہے کہ معمولی واقعہ بھی بڑے فوجی تصادم کا سبب بن سکتا ہے۔ یہی صورتحال عالمی برادری کے لیے سب سے زیادہ تشویش کا باعث ہے۔ آبنائے ہرمز کی اہمیت کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جا سکتا ہے کہ خلیجی ممالک کی بڑی تیل برآمدات اسی راستے سے دنیا بھر کی منڈیوں تک پہنچتی ہیں۔ اگر اس گزرگاہ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے یا بحری جہازوں کو خطرات لاحق ہوتے ہیں تو عالمی سطح پر خام تیل اور گیس کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہو سکتا ہے۔ اس کے نتیجے میں مہنگائی، پیداواری لاگت میں اضافہ، صنعتی سرگرمیوں میں سستی اور عالمی اقتصادی ترقی کی رفتار متاثر ہو سکتی ہے۔ ترقی پذیر ممالک، خصوصاً وہ ممالک جو توانائی درآمد کرتے ہیں، سب سے زیادہ متاثر ہوں گے۔ پاکستان بھی ان ممالک میں شامل ہے جو توانائی کی درآمدات پر انحصار کرتے ہیں۔ تیل کی قیمتوں میں اضافے سے درآمدی بل بڑھ سکتا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ آ سکتا ہے اور مہنگائی کی نئی لہر جنم لے سکتی ہے۔ ایسی صورتحال میں حکومت کے لیے مالیاتی نظم و ضبط برقرار رکھنا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا مزید مشکل ہو جاتا ہے۔ اس لیے پاکستان کے قومی مفاد کا تقاضا ہے کہ خلیج میں امن اور استحکام برقرار رہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں عدم استحکام صرف معاشی مسئلہ نہیں بلکہ انسانی المیہ بھی بن سکتا ہے۔ کسی بڑی جنگ کی صورت میں لاکھوں افراد بے گھر ہو سکتے ہیں، تجارتی راستے متاثر ہو سکتے ہیں اور دہشت گرد تنظیمیں بھی ایسے حالات سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر سکتی ہیں۔ اس لیے عالمی برادری کو طاقت کے استعمال کے بجائے سفارت کاری، مذاکرات اور بین الاقوامی قوانین کے دائرے میں رہتے ہوئے مسائل کا حل تلاش کرنا چاہیے۔ پاکستان نے ہمیشہ اسی مؤقف کی حمایت کی ہے کہ خطے کے تنازعات کا مستقل حل مذاکرات میں ہے، جنگ میں نہیں۔ اسلام آباد نے مختلف مواقع پر ایران، سعودی عرب، خلیجی ریاستوں اور امریکہ کے ساتھ متوازن تعلقات برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی اصول یہی رہا ہے کہ وہ کسی علاقائی محاذ آرائی کا حصہ بننے کے بجائے امن، استحکام اور باہمی احترام کی بنیاد پر تعلقات کو فروغ دے۔ پاکستان کی یہ متوازن پالیسی نہ صرف اس کے اپنے قومی مفادات کے لیے ضروری ہے بلکہ مسلم دنیا میں اس کے مثبت کردار کو بھی اجاگر کرتی ہے۔ ایران پاکستان کا ہمسایہ ملک ہے جبکہ خلیجی ریاستیں پاکستان کے اہم اقتصادی اور تزویراتی شراکت دار ہیں۔ لاکھوں پاکستانی ان ممالک میں روزگار حاصل کیے ہوئے ہیں اور ان کی ترسیلاتِ زر ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اس لیے پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہر ممکن سفارتی کوشش کے ذریعے کشیدگی کم کرنے اور اعتماد سازی کے اقدامات کی حمایت کرے۔ اس موقع پر اسلامی تعاون تنظیم، اقوام متحدہ اور دیگر علاقائی و عالمی اداروں کی ذمہ داری بھی بڑھ جاتی ہے کہ وہ فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے فعال کردار ادا کریں۔ مستقل امن صرف اسی صورت ممکن ہے جب تمام ممالک ایک دوسرے کی خودمختاری، بین الاقوامی قوانین اور سمندری راستوں کی آزادی کا احترام کریں۔ طاقت کا استعمال وقتی نتائج تو دے سکتا ہے، مگر دیرپا استحکام کی ضمانت نہیں بن سکتا۔ خلیجی ممالک کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ وہ اپنے اختلافات کو سفارتی ذرائع سے حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔ خطے کی ترقی، سرمایہ کاری، سیاحت، توانائی کے منصوبے اور اقتصادی تنوع اسی وقت کامیاب ہو سکتے ہیں جب امن برقرار رہے۔ جنگ کی فضا سرمایہ کاروں کے اعتماد کو متاثر کرتی ہے اور ترقیاتی منصوبوں کو بھی نقصان پہنچاتی ہے۔ پاکستان اس وقت بھی یہی پیغام دے سکتا ہے کہ خلیج کا امن صرف خطے کے لیے نہیں بلکہ پوری دنیا کے لیے ناگزیر ہے۔ اگر آبنائے ہرمز محفوظ رہتی ہے تو عالمی تجارت کا پہیہ رواں رہتا ہے، توانائی کی رسد متاثر نہیں ہوتی اور عالمی معیشت غیر یقینی صورتحال سے محفوظ رہتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کو اپنی متوازن خارجہ پالیسی، فعال سفارت کاری اور امن کے مؤقف کو مزید مؤثر انداز میں عالمی سطح پر اجاگر کرنا چاہیے۔ آج کی دنیا کو محاذ آرائی نہیں بلکہ تعاون کی ضرورت ہے۔ طاقت کے مظاہرے وقتی برتری تو دلا سکتے ہیں، مگر پائیدار امن صرف مذاکرات، اعتماد سازی اور باہمی احترام سے ہی ممکن ہے۔ خلیج کی سلامتی، عالمی معیشت کا استحکام اور کروڑوں انسانوں کا مستقبل اسی حقیقت سے وابستہ ہے۔ پاکستان کی ذمہ دارانہ اور متوازن سفارت کاری اس نازک مرحلے پر امن کی کوششوں میں ایک مثبت اور تعمیری کردار ادا کر سکتی ہے اور یہی وہ راستہ ہے جو خطے اور دنیا دونوں کے بہتر مستقبل کی ضمانت بن سکتا ہے۔

امتیاز احمد عباسی

حکومتیں قائم کیوں نہیں رہتیں؟

حکومتیں قائم کیوں نہیں رہتیں، اس بارے میں تو آگے چل کر بتاؤں گا، مگر فی الوقت آپ ملک کے حالات کا بغور جائزہ لیں تو دیکھیں گے کہ سب اچھا نہیں ہے! آپ سب سے پہلے بلوچستان کو دیکھ لیں، جہاں گھمبیر صورتحال ہے، جہاں کسی اور نے نہیں بلکہ زیارت میں 30 پولیس اہلکاروں کی شہادت کے واقعے کے خلاف اُن کے لواحقین نے 9 جولائی سے دھرنا دیا ہوا ہے، اس حملے نے پورے بلوچستان کو بلکہ پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا ہے، کیوں کہ زیارت میں مانگی ڈیم کی فیز تھری کنسٹرکشن سائٹ پر نامعلوم مسلح افراد نے ایک بڑا حملہ کیا تھا جس میں دو ایس ایچ او ز سمیت نو پولیس اہلکار موقع پر مارے گئے تھے جبکہ 21 کو اغوا کیا گیا تھا، جنہیں بعد میں قتل کر کے لاشیں زرغون غر کے علاقے میں پھینک دی تھیں۔ اب دھرنے کے شرکاء نے اپنے مطالبات حکومت کے سامنے رکھے ہیں۔ مطالبات کوئی زیادہ مشکل والے نہیں ہیں، بلکہ وہ ان واقعات کی جوڈیشل انکوائری چاہتے ہیں۔ ساتھ ہی وہ کہتے ہیں کہ اگر سکیورٹی کی صورتحال خراب تھی تو ایسی سائٹ پر اسلحے کے لیے ہمارے جوان سرکار کو کیوں پکارتے رہے؟ الغرض بقول شخصے صوبے میں امن و امان تباہ ہو چکا ہے اور کوئی بھی علاقہ محفوظ نہیں ہے، جس کی وجہ سے لوگ دھرنے اور احتجاج پر مجبور ہو چکے ہیں۔ جبکہ سرکار نے دہشت گردوں کا قلعہ قمع کرنے کے لیے آپریشن شعبان شروع کیا ہے، جس میں اب تک 100 سے زائد دہشت گرد مارے جا چکے ہیں،،۔ پھر آزاد کشمیر کی بات کر لیں جہاں حالات کنٹرول میں آنے کے بجائے ہر گزرتے دن خراب سے خراب ہوتے جا رہے ہیں۔ راولا کوٹ میں دو اہلکاروں سمیت 10 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی نے راولا کوٹ سے مظفر آباد کے لیے مارچ شروع کرنے کا اعلان کیا ہوا ہے اور حکام کے مطابق اس تناظر میں رینجرز، پولیس اور ایف سی کے چار ہزار اہلکار پہلے ہی کشمیر پہنچ چکے ہیں۔ اور حکام کہہ رہے ہیں کہ اس مذکورہ لانگ مارچ کو راولا کوٹ سے گزرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہر کو سیل کر دیا گیا ہے اور رینجرز سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار وہاں تعینات ہیں۔ صوبہ کے پی کے میں بھی یہی صورتحال ہے۔ افغانستان ہمارا بھارت سے بڑا دشمن بن چکا ہے۔ آپ بھارت کے ساتھ پانی کے مسئلے کو لے لیں، سب کچھ اُلٹ ہو رہا ہے، وہ ہمارے پانیوں پر قبضہ جمائے بیٹھا ہے، اُن کا رُخ موڑ رہا ہے۔ سب سے بڑھ کر وہ ملک میں دہشت گردی کروا رہا ہے۔ الغرض اس وقت پورے ملک میں مایوسی کا عالم ہے، عوام کا مورال ڈاؤن ہے اور یہی ہمیشہ تباہی کا باعث بنتا ہے۔ ورنہ آپ ترکی کو دیکھ لیں، وہاں کے عوام کا مورال بلند تھا تو آج ہی کے دن وہاں پر ہوئی فوجی بغاوت کو کچل دیا گیا تھا، خیر اتفاق سے میں بھی آج کل سیر و سیاحت کی غرض سے فیملی کے ہمراہ ترکی میں ہوں، یہاں آج جمہوریت کا دن منایا جا رہا ہے۔ یعنی یہاں 15 جولائی 2016 کے دن فوجی بغاوت کو کچلا گیا تھا، وہ رات ایک ایسے ملک کے لیے بھی غیر معمولی تھی جو اس سے قبل تین فوجی بغاوتوں اور فوجی مداخلت کے مزید دو ادوار دیکھ چکا تھا۔ اس سے پہلے نہ کبھی ترکی کی پارلیمنٹ پر حملہ ہوا تھا اور نہ ہی استنبول کے باسفورس پل، جسے اب باضابطہ طور پر '15 جولائی کے شہدا کا پل' کہا جاتا ہے، نے ایسا خونریزی کا منظر دیکھا تھا جب صدر رجب طیب اردوان کی بغاوت کرنے والوں کے خلاف مزاحمت کی اپیل پر عام شہری سڑکوں پر نکل آئے تھے۔ نامعلوم مقام سے ایک موبائل فون ایپلی کیشن کے ذریعے براہِ راست ٹی وی نشریات میں شامل ہوتے ہوئے صدر اردوان نے اپنے حامیوں سے اُس رات سڑکوں پر نکل آنے کی اپیل کی۔ ملک بھر کی مساجد سے لاؤڈ سپیکروں کے ذریعے بھی ان کا پیغام نشر کیا گیا تھا۔ صبح تک بغاوت کی یہ کوشش ناکام بنا دی گئی تھی۔ اس واقعے میں مجموعی طور پر 253 افراد ہلاک ہوئے، جن میں 184 عام شہری اور مبینہ طور پر بغاوت میں ملوث 34 افراد بھی مارے گئے تھے۔ 15 جولائی 2016 کی بغاوت کی کوشش صرف چند گھنٹوں تک جاری رہی، لیکن اس کے نتائج نے گذشتہ ایک دہائی کے دوران ترکی کی سیاست کو گہرے طور پر تبدیل کر دیا۔ اس واقعے نے نہ صرف ملک کے اندر طاقت کے توازن کو از سرِ نو ترتیب دیا بلکہ خارجہ محاذ پر بھی ترکی کے تعلقات کی سمت بدل دی۔ اب یہاں طیب اردوان نے سب کچھ بدل کر رکھ دیا ہے، بغاوت کرنے والے ہزاروں جرنیلوں کو سزائیں دے دی ہیں، معیشت کا یہ عالم ہے کہ



انہوں نے طیب اردوان کی قیادت میں آئی ایم ایف کو خیرآباد کہہ دیا ہے۔ یہ سب اسی صورت ہوا کہ یہاں کے عوام حکومت سے مایوس نہیں تھے۔ اگر مایوس ہوتے تو یہ کبھی دس سال پہلے آج ہی کے دن ٹینکوں کے آگے لیٹ کر قربانیاں نہ دیتے۔ لیکن اس کے برعکس ہمارے ہاں اس وقت مایوسی کے بادل چھائے ہوئے ہیں، ہر شخص ملکی حالات کے بارے میں قیاس آرائیاں کر رہا ہے۔ مگر اصل سوال یہ نہیں کہ ہمارے حالات کب سدھریں گے؟ بلکہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ عوام کا مورال ہی ڈاؤن ہو چکا ہے، اور یہی حکومت کے زوال کی اصل وجہ بنتا ہے۔ اور اس زوال کی ابتدا وہاں سے ہوتی ہے جہاں حکومت اور عوام کے درمیان اعتماد کمزور پڑنے لگتا ہے۔ یہ کہنا سراسر فضول ہے کہ داخلی سیاسی محاذ آرائی کم کی جائے۔ ایوانِ اقتدار میں ایسی رائے کو پسندیدگی کی نظروں سے نہیں دیکھا جاتا۔ آبنائے ہرمز سے متعلقہ مصالحتی معاملات پر ضروریات کے جائے' اونچی آواز میں کی جائے' لیکن سیاسی معاملات پر گفتگو سے پرہیز ہی بہتر ہے' عوام کی صحت کیلئے اور دوسروں کے اطمینانِ قلب کیلئے۔ اس مسئلے پر یوں سمجھئے لکیر پھر چکی ہے۔ بس پھر یہی ہے کہ تماشا دیکھتے جائیں کہ ہو کیا رہا ہے' حالات کیا ہیں' سرکاری ترجیحات کیا ہیں' سرکاری سوچ کے تقاضے کیا ہیں۔ بے چینی ہوگی اُن دور دراز علاقوں میں لیکن آسانوں کی مہربانی ہے کہ پنجاب شانت ہے' اسلام آباد کو دیکھئے تو معلوم ہوتا ہے کہ ملک کو درپیش کچھ مسئلہ ہے ہی نہیں۔ اسی پر خوش رہتے ہیں۔ لیکن ان خوش فہمیوں سے نکلیں اور دیکھیں کہ سب اچھا نہیں ہے، ایسی گردانیں پڑھنے والے آپکو بے خبر رکھے ہوئے ہیں، عوام کا بھرکس نکلا ہوا ہے،،، پٹرولیم مصنوعات پر ڈیڑھ ڈیڑھ سو روپے فی لیٹر ٹیکس لے کر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ عوام آپ کے بارے میں اچھا تاثر قائم کریں تو یہ محض غلط فہمی ہی نہیں بلکہ خوش فہمی بھی ہے،،، اسی لیے ہمیں یہ یاد رکھنے کی ضرورت ہے کہ پھر ایک دن ایسا بھی آتا ہے کہ جب عوام کا صبر جواب دے جاتا ہے، اور پھر حکومتیں ایک لمحہ نہیں نکلتیں اور کسی نہ کسی طرح ختم ہو جاتی ہے،،، اس لیے معاملات کو سنبھالیں! ایوانِ اقتدار میں ایسی رائے کو پسندیدگی کی نظروں سے نہیں دیکھا جاتا۔ آبنائے ہرمز سے متعلقہ مصالحتی معاملات پر ضروریات کے جائے' اونچی آواز میں کی جائے' لیکن سیاسی معاملات پر گفتگو سے پرہیز ہی بہتر ہے' عوام کی صحت کیلئے اور دوسروں کے اطمینانِ قلب کیلئے۔ اس مسئلے پر یوں سمجھئے لکیر پھر چکی ہے۔ بس پھر یہی ہے کہ تماشا دیکھتے جائیں کہ ہو کیا رہا ہے' حالات کیا ہیں' سرکاری ترجیحات کیا ہیں' سرکاری سوچ کے تقاضے کیا ہیں۔ بے چینی ہوگی اُن دور دراز علاقوں میں لیکن آسانوں کی مہربانی ہے کہ پنجاب شانت ہے' اسلام آباد کو دیکھئے تو معلوم ہوتا ہے کہ ملک کو درپیش کچھ مسئلہ ہے ہی نہیں۔ اسی پر خوش رہتے ہیں۔ لیکن ان خوش فہمیوں سے نکلیں اور دیکھیں کہ سب اچھا نہیں ہے، ایسی گردانیں پڑھنے والے آپکو بے خبر رکھے ہوئے ہیں، عوام کا بھرکس نکلا ہوا ہے،،، پٹرولیم مصنوعات پر ڈیڑھ ڈیڑھ سو روپے فی لیٹر ٹیکس لے کر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ عوام آپ کے بارے میں اچھا تاثر قائم کریں تو یہ محض غلط فہمی ہی نہیں بلکہ خوش فہمی بھی ہے،،، اسی لیے ہمیں یہ یاد رکھنے کی ضرورت ہے کہ پھر ایک دن ایسا بھی آتا ہے کہ جب عوام کا صبر جواب دے جاتا ہے

''بھارت کی مختاراں مائیاں''

بھارت کے ایک گاؤں کھاپ کی پنچایت نے، جس میں تمام بڑی ذاتوں کے لوگ شریک تھے، فیصلہ دیا کہ چوبیس سالہ مناکشی اور پندرہ سالہ کماری نامی دونوں بہنوں کا سب کے سامنے ریپ کیا جائے اور اس کے بعد پنچایت کے سامنے ان دونوں بہنوں سے منہ کالا کرنے کے بعد ان مظلوم لڑکیوں کو برہنہ حالت میں ہی پورے گاؤں میں گھمایا گیا۔ ان دونوں نچلی ذات کی بہنوں کا قصور صرف یہ تھا کہ ان کے بھائی سمیت کمار کے گاؤں کے ایک جاٹ خاندان کی لڑکی سے تعلقات تھے لیکن حیران کن طور پر عالمی میڈیا اور این جی اوز اس پر حرکت میں نہ آئیں لیکن پاکستان کے ضلع مظفر گڑھ کی مختاراں مائی کا واقعہ اچانک پورے یورپ اور امریکہ سمیت دنیا بھر میڈیا، این جی اوز اور انسانی حقوق کی تنظیموں کو درجنوں کی تعداد میں ملتان اور مظفر گڑھ لے آیا۔ اور تو اور پاکستان میں کھمبیوں کی طرح اگی ہوئی این جی اوز نے بھی دنیا بھر کے اخبارات کے اوراق اور الیکٹرانک میڈیا کی سکرینوں سے یہ تاثر دینا شروع کر دیا کہ پاکستان میں جاہلانہ اور قبائلی رسم و رواج میں عورت کی کوئی عزت نہیں اور ایک بھائی کے گناہ کی سزا شرمناک طریقے سے اس کی بہن کو دی جاتی ہے؟ یہاں تک کہ امریکہ کی ہیلری کلنٹن اور کونڈا لیزا رائس مختاراں مائی سے ہاتھ ملانا فخر سمجھنے لگیں جنہیں بھارت کی مناکشی اور کماری کے دکھ اس لئے یاد نہ آ سکے کیونکہ ان کا تعلق ایران، سعودی عرب یا ایٹمی صلاحیت رکھنے والے پاکستان سے نہیں تھا؟ مالالہ یوسف زئی پر سوات میں جب مذہبی انتہا پسندوں کے ایک گروپ نے حملہ کیا تو امریکی سینیٹ اور کانگریس سے لے کر پورا یورپ اس کی حمایت اور ہمدردی میں اس طرح ایک قطار بنا کر کھڑا ہو گیا کہ پاکستان کو اپنی جان کے لالے پڑ گئے۔ امریکی صدر سے لے کر برطانیہ کے شاہی محل تک مالالہ یوسف زئی کو اس قدر پذیرائی اور پروٹوکول دیا جانے لگا کہ پاکستان سمیت دنیا کے بڑے بڑے حکمران بھی ترسی نگاہوں سے دیکھنے لگے اور پھر مالالہ یوسف زئی کو بڑی شان و شوکت سے ''نوبل انعام'' سے نوازا دیا گیا۔ لگتا تھا کہ مالالہ کے علاوہ دنیا میں اور کوئی مظلوم ہے ہی نہیں؟ آج اس واقعے کو ایک مدت گذر چکی ہے لیکن مالالہ کو امریکہ اور مغرب میں اس طرح احترام و پیار دیا جاتا ہے کہ جیسے وہ کلیسا کی کوئی بہت ہی محترم شخصیت ہو؟ آج کل مدینہ ٹاؤن فیصل آباد کی رہائشی ایک عیسائی لڑکی ماریہ شہباز کا معاملہ عالمی سطح پر اٹھایا گیا جو اسی علاقے کے ایک بیوٹی پارلر میں کام کرتی تھی۔ اس کی محمد نقاش نامی مسلمان لڑکے سے تعلقات کے نتیجے میں شادی ہو گئی۔ ماریہ شہباز کی شادی اور مسلمان ہونے والے قصے کو امریکی اور یورپی یونین سمیت پاکستان کی ایٹمی قوت کے حاسد اور مخالفین نے جھوٹ کی کالک کے ساتھ اٹھا رکھا ہے۔ ماریہ شہباز کا یہ واقعہ 2020 میں پیش آتا ہے جس پر ماریہ شہباز کی والدہ نگہت شہباز مدینہ ٹاؤن پولیس سٹیشن میں FIR No.834/ 2020 بجرم 365b درج کراتی ہے۔ ماریہ شہباز اور محمد نقاش تین جون کو ڈسٹرکٹ سیشن جج فیصل آباد کے سامنے درخواست داخل کرتے ہیں۔ جس پر معزز جج ماریہ شہباز کو دارالامان بھیجنے کا حکم دے دیتے ہیں۔ اس کے بعد محمد نقاش لاہور ہائیکورٹ میں یہ کہتے ہوئے اپنے خلاف درج مقدمہ کو خارج کرانے کیلئے پٹیشن دائر کر دیتا ہے کہ ماریہ شہباز عاقل و بالغ ہے اور اس نے کسی قسم کی زور زبردستی کی بجائے اپنی مرضی اور منشا سے اسلام قبول کرتے ہوئے اس سے شادی کی ہے۔ جس پر لاہور ہائیکورٹ چار اگست 2020 کو اس کی اور ماریہ شہباز کی

درخواستیں منظور کرتے ہوئے ان کے خلاف درج مقدمے کو خارج کرتے ہوئے ماریہ شہباز کو اپنے شوہر کے ساتھ رہنے کی باقاعدہ اجازت دے دیتی ہے۔ معزز ہائی کورٹ ماریہ شہباز کے والد شہباز مسیح کی جانب سے پیش کئے جانے والے پیدائشی سرٹیفکیٹ جس میں اس کی عمر 13 برس ظاہر کی گئی تھی، اس اعتراض کے ساتھ مسترد کر دیتی ہے کہ طبی لحاظ سے ماریہ بالغ ہے اور اس کی پیدائش کا سرٹیفکیٹ کئی برس گذر جانے کے بعد تیار کیا گیا ہے!!۔ مناکشی اور اس کی بہن کماری کی بھی کہانی وہی ہے جو مختاراں مائی کی تھی۔ قصہ وہی ہے جو مختاراں مائی کا تھا۔ فیصلہ وہی ہے جو پنچایت نے مختاراں مائی کے بھائی کی طرف سے کی جانے والی زیادتی کے نتیجے میں دیا (سوائے برہنہ حالت میں گھمانا اور سب کے سامنے ریپ کرانا)۔ لیکن مختاراں کا فیصلہ چونکہ ایک ایٹمی قوت کی حامل اسلامی ریاست کے ایک دور افتادہ گاؤں کی پنچایت کی جانب سے دیا گیا تھا اس لئے اس کی خبر پل بھر میں دنیا کے ہر الیکٹرانک میڈیا اور اخبارات سمیت دنیا کے کونے کونے میں موجود این جی اوز اور انسانی حقوق کی تنظیموں تک پلک جھپکتے ہی پہنچا دی گئی جنہوں نے مل کر پاکستان پر اس طرح یلغار کر دی کہ کراچی اور اسلام آباد سے ملتان کیلئے ہر فلائٹ ہاؤس فل کا منظر پیش کرنے لگی؟

مختاراں بی کے چونچلے اٹھانے والے بھارت کے ناؤ گانگ پولیس تھانے کی حدود میں واق

بقیہ نمبر 1

لرنر لائسنس، ریکولر ڈرائیونگ لائسنس، بین الاقوامی ڈرائیونگ لائسنس اور لائسنس کی تجدید کی سہولیات فوری فراہم کرتا رہا، چیف ٹریفک آفیسر مری کی ہدایت پر موبائل لائسنسنگ یونٹ شہریوں کو ان کی دہلیز کے قریب جدید، معیاری اور آسان لائسنسنگ سہولیات فراہم کریں، ترجمان سٹی ٹریفک پولیس کے مطابق بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی یا موٹر سائیکل چلانا قانونی جرم ہے، دورانِ ڈرائیونگ اپنا اصل ڈرائیونگ لائسنس لازماً ہمراہ رکھیں، محفوظ سفر، ٹریفک قوانین کی پابندی اور بروقت ڈرائیونگ لائسنس ہر ذمہ دار شہری کی پہچان ہے۔

بقیہ نمبر 2

اراضی پر قائم تجاوزات کو مسمار کیا گیا۔
کارروائی کے دوران 175 غیر قانونی مکانات اور دیگر ڈھانچوں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے تمام تجاوزات کا خاتمہ کیا گیا اور تقریباً 100 کنال سرکاری اراضی واگزار کرائی گئی۔ ذرائع کے مطابق یہ آپریشن سی ڈی اے کی جانب سے سرکاری زمینوں کے تحفظ اور قبضہ مافیا کے خلاف جاری مہم کا حصہ ہے۔
ذرائع کا کہنا ہے کہ مقامی آبادی سے متعلق بعض معاملات سی ڈی اے اور متعلقہ انتظامیہ کے درمیان زیر غور ہیں جس کے باعث چند تعمیرات کو فی الحال مسمار نہیں کیا گیا۔ حکام کے مطابق ان معاملات کے حل کے بعد آئندہ لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ سی ڈی اے حکام نے واضح کیا ہے کہ ڈائریکٹر جنرل انفورسمنٹ انعم فاطمہ کی نگرانی میں تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور وفاقی دارالحکومت میں سرکاری اراضی پر کسی بھی قسم کے ناجائز قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 3

کے بعد تھیسلی لیوں تک کرین الیکٹرک بسوں کا جال بچھایا جارہا ہے، سخت گرمی کے موسم میں اے سی والی الیکٹرک بسیں عام آدمی کیلئے بہت بڑی نعمت ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ مریم نواز نے حکومتی وسائل کو پنجاب کے کونے کونے تک پہنچا دیا ہے، پہلے عوام حکومت کو ڈھونڈتے تھے اب حکومت لوگوں کے پاس پہنچ رہی ہے، یہی مریم نواز کی حکومت اور باقی حکومتوں میں سب سے بڑا بنیادی فرق ہے۔

بقیہ نمبر 4

کی رپورٹس کے مطابق پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ حملے میں ایک ریڈار سسٹم، متعدد امریکی اسپیشل آپریشنز ہیلی کاپٹر تباہ کیے گئے، جبکہ شہید ایرانی فوجیوں کے خون کا بدلہ لیتے ہوئے بڑی تعداد میں امریکی فوجیوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ پاسدارانِ انقلاب نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ایران کا آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول برقرار ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ جب تک امریکی حملے جاری رہیں گے، تب تک آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل اور گیس کی کسی بھی قسم کی برآمدات کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 5

کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ حکومتی پالیسی گائیڈ لائنز کے مطابق ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق ملک بھر کے ساتھ ساتھ کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا۔

بقیہ نمبر 6

تیسری پوزیشن کے اصول کیلئے فرانس اور انگلینڈ کی ٹیمیں بروز ہفتہ آج آمنے کرائیں گی میچ جیتنے والی ٹیم تیسری پوزیشن حاصل کر لے گی جبکہ ورلڈ کپ 2026 کا فائنل ارجنٹینا اور اسپین کے درمیان کل بروز اتوار کھیلا جائے گا دونوں ٹیمیں ورلڈ کپ 2026 میں شاندار کھیل پیش کر کے ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچی ذرائع کے مطابق فائنل میچ انتہائی دلچسپ و کانٹے دار اور سنسنی خیز ہونے کا امکان ہے

بقیہ نمبر 7

کرتے ہوئے فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے چار افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد نے سابقہ دشمنی پر شہری کو قتل کیا تھا، زیر حراست افراد رواں سال اپریل سے پولیس کو مطلوب تھے، جاتلی پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا

بقیہ نمبر 8

مجلس عزاء و جلوس شبیہ علم مبارک کا انعقاد کیا گیا۔ مل ازیں مجلس عزاء سے ملک کے نامور علماء و ذاکرین نے خطاب کرتے ہوئے معصوم سکینہ سلام اللہ علیہا کی سیرت اور لازوال جدوجہد پر روشنی ڈالی۔ مجلس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل ٹی این ایف جے علامہ بشارت حسین امامی نے کہا کہ اسوہ سکینہ صبر و برداشت، استقامت اور ثبات و عزم و جرات سے عبارت ہے۔ انہوں نے کہا عقیدۂ ولایت و عزاداری پر بنیاں مرصوص کی طرح قائم ہیں۔ علامہ امامی نے واضح کیا عزاداری کی روحانیت آئمہ علیہم السلام کی تائید تھی کا نتیجہ ہے، عزائے حسینؑ کو اندرونی و بیرونی کئی ازم سے دبایا نہیں جاسکتا۔ خطیب فاتح فرات علامہ قمر حیدر زیدی نے اپنے خطاب میں کہا کہ حضرت سکینہ نے قید و بند میں بھی حسینیت کی حفاظت فرمائی۔ انہوں نے کہا کہ ظلم و جبر اور یزیدی طاغوت چار سال کی کم سن سکینہ سے شکست کھا گئی۔ انہوں نے کہا بیعتِ فاسق کے مطالبے اور بربریت کو اسیرانِ کربلا نے پاش پاش کر دیا۔ ٹی این ایف جے پنجاب کے صدر علامہ باقر علی نقوی اپنے خطاب میں کہا کہ عزاداری حسین وعدہ خداوندی ہے جسے کوئی طاغوت دبا نہیں سکتا۔ انہوں نے کہا عزائے مظلوم کربلا حریت پسندوں کے شیع و سرچشمہ ہے۔ مجلس سے ذاکر مشتاق حسین شاہ، ذاکر ناہید عباس جگ، علامہ انوار کاظم، مولانا اصغر مغموم، ذاکر مہدی عباس بلوچ اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر جلوس علم شبیہ علم برآمد کیا گیا اور مقررہ راستوں سے ہو کر امام بارگاہ قصرِ امام المنتظر میں اختتام پذیر ہوا۔ مجلس عزاء کی نظامت کے فرائض سید حسن شاہ سید نصیر سبزواری اور عرفان نقوی منتظر حیدری نے سرانجام دیے

بقیہ نمبر 9

پر تسلیم شدہ حق خود ارادیت کا متبادل نہیں ہو سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جموں و کشمیر کا تنازعہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے تحت ایک حل طلب بین الاقوامی مسئلہ ہے، جس کا فیصلہ صرف آزاد، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورتحال کے حوالے سے ایک ٹیلی وژن مباحثے میں گفتگو کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی سیاسی جماعتوں کی جانب سے ریاستی حیثیت کی بحالی کا مطالبہ اگست 2019 میں بھارتی حکومت کی جانب سے آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی یکطرفہ منسوخی کے بعد نئی دہلی کی پالیسیوں پر بڑھتے ہوئے سیاسی عدم اطمینان کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ علاقائی سیاسی جماعتیں 5 اگست 2019 سے قبل کی آئینی حیثیت کی بحالی کی خواہاں ہیں، تاہم کشمیری عوام کی امنگیں محض انتظامی اقدامات تک محدود نہیں بلکہ وہ بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے ناقابلِ تنسیخ حق کے حصول کا مطالبہ تواتر کرتے چلے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ بھارتی حکومت نے اپنی سپریم کورٹ کو یقین دہانی کرائی تھی کہ مقبوضہ علاقے کی ریاستی حیثیت بحال کر دی جائے گی، تاہم اس میں مسلسل تاخیر نئی دہلی کی اس بدنیتی کو ظاہر کرتی ہے کہ وہ مقبوضہ علاقے کے منتخب نمائندوں کو حقیقی سیاسی اختیارات منتقل نہیں کرنا چاہتی۔ ان کا کہنا تھا کہ 2024 کے انتخابات کے باوجود انتظامی اختیارات بدستور لیفٹیننٹ گورنر کے پاس ہیں، جو بیوروکریسی، پولیس اور اہم اداروں پر کنٹرول رکھتے ہیں، جبکہ منتخب حکومت کے اختیارات انتہائی محدود ہیں۔ سردار مسعود خان نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے حالیہ بیانات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ قانون ساز اسمبلی میں قراردادوں، عوامی مظاہروں اور نئی دہلی میں احتجاج کی منصوبہ بندی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت نواز سیاسی قیادت میں بھی سخت بے چینی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی

جانب سے محدود ریاستی حیثیت کی بحالی سے بھی مسلسل انکار اس امر کا ثبوت ہے کہ 2019 کے بعد مقبوضہ علاقے میں انتہائی مرکزیت پر مبنی طرزِ حکمرانی نافذ کی گئی ہے اور جمہوری عمل کی گنجائش مزید محدود ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی آئینی ترامیم، داخلی قوانین یا عدالتی فیصلے جموں و کشمیر کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازع حیثیت کو تبدیل نہیں کر سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادیں ہی اس تنازع کے حل کا قانونی فریم ورک ہیں اور بھارت کے یکطرفہ اقدامات بین الاقوامی قانون کے تحت اس تنازع کے حتمی تصفیے پر کوئی قانونی اثر نہیں رکھتے۔ پاکستان کی سفارتی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ اسلام آباد مسلمہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل، جنرل اسمبلی، انسانی حقوق کونسل اور دیگر بین الاقوامی فورمز پر جموں و کشمیر کا معاملہ اٹھاتا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مئی 2025 میں پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ کشمیر جنوبی ایشیا میں بنیادی تنازع اور خطے کے امن و سلامتی کے لیے ایک سنگین چیلنج ہے۔ انہوں نے عالمی برادری، بالخصوص اقوام متحدہ اور بااثر عالمی شراکت داروں پر زور دیا کہ وہ جموں و کشمیر تنازع کے پرامن حل کے لیے بامعنی مذاکرات کی راہ ہموار کریں۔ سردار مسعود خان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اصولی سفارت کاری جاری رکھتے ہوئے کشمیری عوام کی جائز امنگوں کی حمایت کرتا رہے گا، کیونکہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا قیام صرف اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر عمل درآمد اور کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کے حصول سے ہی ممکن ہے۔

بقیہ نمبر 10

الگ الگ کارروائیوں کے دوران 5 خطرناک ملزمان کو گرفتار کر لیا جنکے قبضہ سے مال مسروقہ واسلحہ برآمد کر لیا گیا ہے، پولیس ٹیموں نے رابری، سٹریٹ کرائم، اسنیچنگ اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 5 خطرناک ملزمان کو انتہائی قلیل وقت میں گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں دور دز قبل حیاتسر روڈ پر خاتون لیکچرار سے موبائل فون چھیننے والے ملزمان بھی شامل ہیں۔ اسی طرح پھیری کے ذریعے ڈرم فروخت کرنے والے شوکت خان سکنہ موہڑہ مندد، مندرہ سے گن پوائنٹ پر نقدی، ڈرم اور موبائل فون چھیننے والے ملزمان کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے چند ہفتے قبل وارڈ نمبر 7 کے رہائشی نوید احمد کے موٹر سائیکل چوری کیس میں ملوث ملزمان کو بھی گرفتار کر لیا۔ اے ایس پی دانیال نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید مؤثر انداز میں جاری رکھا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 11

برآمد ہوئی۔ پولیس نے فوری طور پر منشیات قبضے میں لے کر ملزم کو گرفتار کر لیا کارروائی کے دوران ملزم کے زیر استعمال موٹر سائیکل بھی تحویل میں لے لیا گیا پولیس نے ملزم کے خلاف تھانہ نون میں انسدادِ منشیات کی متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ تفتیشی حکام اس بات کا بھی جائزہ لے رہے ہیں کہ آیا ملزم کسی منظم منشیات فروش نیٹ ورک سے وابستہ ہے یا نہیں اور وہ منشیات کہاں سے حاصل کر کے مختلف علاقوں میں سپلائی کرتا تھا اے ایس آئی تبارک ستی نے کہا کہ اسلام آباد پولیس منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لیے ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی انہوں نے کہا کہ قانون شکن عناصر کے ساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی اور انہیں ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اسلام آباد پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے علاقوں میں منشیات فروشی یا دیگر مشکوک سرگرمیوں کی فوری اطلاع پولیس کو دیں تاکہ بروقت کارروائی کے ذریعے معاشرے کو جرائم اور منشیات سے پاک بنایا جاسکے

بقیہ نمبر 12

تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث ذہنی طور پر شدید پریشان تھا۔ جبکہ گھر کا نظام چلانے کے لئے اس نے کچھ قرضہ بھی لیا ہوا تھا۔ جبکہ قسطوں پر لی گئی کسی چیز کی قسط نہ دینے پر وہ بھی تنگ کر رہے تھے۔ ان حالات کی وجہ سے وہ زندگی سے مایوس ہو کر ابدی نیند سو گیا۔ اسماعیل آصف ایف اے پاس تھا اس نے فارمیسی کا کورس بھی کیا ہوا تھا۔ مرحوم شادی شدہ تھا اس کے تین کمسن بچے ہیں۔ پرائیوٹ صفائی کمپنی کی ظالمانہ پالیسی کے خلاف سول ہسپتال کے 23 صفائی ورکر سراپا احتجاج ہیں۔ انکا کہنا ہے کہ صفائی کمپنی نے ورکروں پر عرصہ حیات تنگ کر رکھا ہے کوئی چھٹی نہیں دی جاتی معمولی معمولی بات پر جرمانے انکا وطیرہ بن گیا ہے ٹی ایچ کیو کے صفائی ورکرز نے اپنے ساتھی کی موت پر ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے کام بند کر دیا ہے۔ اسماعیل کی موت پمز ہسپتال میں ہوئی اسکی نعش سول ہسپتال گوجر خان لائی گئی تو رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ یاد رہے کہ صفائی کمپنی نے ان ورکروں کو حکومت کی طرف سے طے شدہ تنخواہ سے کم تنخواہ دی جارہی ہے

بقیہ نمبر 13

دکانیں بند کر کے موقع سے فرار ہو گئے انتظامیہ کے مطابق کارروائی کا مقصد غیر قانونی طور پر کاروبار کرنے والے افراد کے خلاف قانون کے مطابق اقدامات کرنا اور حکومتی احکامات پر عملدرآمد یقینی بنانا ہے اس موقع پر متعلقہ محکموں کے حکام بالا و اہلکاران بھی اسسٹنٹ کمشنر کے ہمراہ موجود تھے اس حوالہ سے ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ غیر قانونی مقیم افراد اور بغیر اجازت کاروبار کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی جبکہ تمام تاجروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ قانونی تقاضوں کی پابندی کریں بصورت دیگر قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی،

بقیہ نمبر 14

مشکلات کا شکار ہیں۔ شدید گرمی کے باوجود ملازمین کی بڑی تعداد سپیشل سمارٹ سٹی کے دونوں مرکزی داخلی گیٹس پر احتجاج جاری رکھے ہوئے ہے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا ہے کہ ان کی محنت کی کمائی فوری طور پر ادا کی جائے۔ مظاہرین نے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعلیٰ پنجاب، آرمی چیف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے اپیل کی ہے کہ وہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیں، ذمہ داران کے خلاف کارروائی کریں اور مزدوروں کو ان کا جائز حق دلوائیں تاکہ ان کے خاندان مزید معاشی مشکلات اور بھوک کا شکار نہ ہوں۔

بقیہ نمبر 15

، جو لیور پول کا رہائشی ہے، کو بدھ کے روز برمنگھم کے علاقے سے گرفتار کیا گیا تھا۔ اس پر ٹیررزم سکیورٹی ایکٹ کے تحت جرم کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ لندن کی کاؤنٹر ٹیررازم پولیس کی سربراہ کمانڈر ہیلن فلانا گن نے کہا کہ چونکہ معاملہ عدالت میں جا چکا ہے، اس لیے تحقیقات کی تفصیلات پر تبصرہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اب تک کی تحقیقات کے دوران عوام، کسی مخصوص کمیونٹی یا کسی فرد کے لیے براہِ راست خطرے کے شواہد سامنے نہیں آئے، اس لیے شہریوں کو تشویش میں مبتلا ہونے کی ضرورت نہیں

بقیہ نمبر 16

منڈی، کھنہ، ترنول، شہزاد ٹاؤن، نیلور، بہارہ کہو، کورال، آبپارہ، مارگلہ، نون، شمس کالونی، پھلگراں، سنگجانی اور کراچی کمپنی پولیس ٹیموں نے مشترکہ کارروائیوں کے دوران منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 23 ملزمان کو گرفتار کیا۔
پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک ہزار 671 گرام آئس، ایک ہزار 625 گرام چرس، ایک ہزار 330 گرام ہیروئن، مختلف بور کے 18 پستول اور دو رائفلیں معہ ایمونیشن برآمد کر لیں۔ ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔
دوسری جانب مجرمان اشتہاری سابقہ ریکارڈ یافتہ افراد اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران مزید 15 ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 17

ڈی سی اور گرد و نواح کی ریاستوں میں مقیم امریکی و دیگر سفارتی برادری، امریکی انتظامیہ کے اہلکار، پالیسی ساز، تھنک ٹینکس، ادبی حلقوں، میڈیا نمائندگان، امریکی شہریوں اور پاکستانی امریکی کمیونٹی کے افراد شریک ہوئے۔ سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ اور ان کی اہلیہ کبریٰ رضوان نے مہمانوں کا پرجوش استقبال کیا۔ بینکوئیسٹیول میں شریک مہمانوں کی پاکستانی آموں اور آموں سے تیار کی گئی مختلف اشیا سے تواضع کی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امریکی رکن کانگریس، امور خارجہ کمیٹی کے رکن اور سابق نیوی سیل ریان زنکے نے کہا کہ پاک امریکا دوستی اس وقت تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے، جس پر شرکا نے بھرپور تالیوں سے اظہار تحسین کیا۔ اس موقع پر سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے کہا کہ پاکستانی آموں کے ذائقے کا سفر صدیوں پر محیط ہے اور یہ کم و بیش پاکستان کی شناخت کا درجہ حاصل کر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینکوئیسٹیول میں بھرپور شرکت پاکستان کی بڑھتی ہوئی قبولیت اور مقبولیت کی عکاس ہے۔ رضوان سعید شیخ نے کہا کہ پاکستانی آموں کی مٹھاس پاک امریکا دوستی کو مزید میٹھا، گہرا اور قابلِ ستائش بناتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری دفاعی اور سفارتی صلاحیتوں کے ناقابلِ تردید مظاہروں کی طرح ہمارے آموں کا ذائقہ بھی ہماری زرعی روایت اور صلاحیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ سفیر پاکستان نے مزید کہا کہ ہمیں پاک امریکا دوستی اور شراکت داری کو ہمارے آم جیسا لاثانی ذائقہ دینے کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔

بقیہ نمبر 18

ہدایت کی کہ تفصیلی عمل کو مزید شفاف، مؤثر اور پیشہ ورانہ بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بروقت اور بلاامتیاز انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ آئی جی اسلام آباد نے اس بات پر زور دیا کہ زیرِ التوا مقدمات کو میرٹ پر جلد از جلد نمٹایا جائے اور ہر کیس کی تفتیش جدید تقاضوں کے مطابق مکمل کی جائے۔ بعد ازاں انہوں نے ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق، اے آئی جی لیگل طاہر کاظم اور ایس پی پیپلبینس خالد محمود اعوان کے ساتھ اجلاس میں قانونی امور، شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے اور پولیسنگ کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ اجلاس کے دوران آئی جی اسلام آباد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور عوام کے ساتھ خوش اخلاقی اور ذمہ دارانہ رویہ اپنایا جائے۔ بعد ازاں آئی جی اسلام آباد نے ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کے ہمراہ اسلام آباد پولیس کی مصالحتی کمیٹی (اے ڈی آر سی) کے چیئرمین طیب نواز ملک سے ملاقات کی، جس میں شہری تنازعات کے بروقت اور منصفانہ حل کے لیے مصالحتی نظام کو مزید مؤثر بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ متبادل تنازعاتی حل کا مؤثر نظام نہ صرف شہریوں کو فوری اور آسان انصاف کی فراہمی میں معاون ثابت ہوتا ہے بلکہ معاشرے میں باہمی ہم آہنگی، اعتماد اور پائیدار امن کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد پولیس عوامی خدمت، شفافیت اور پیشہ ورانہ پولیسنگ کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کے لیے اپنی کوششیں مزید مؤثر انداز میں جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 19

اظہار انہوں نے جماعت اسلامی اسلام آباد کے زیرِ اہتمام دفتر جماعت اسلامی اسلام آباد میں ملک کے معتبر پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے نامہ نگاروں، نمائندگان اور صحافیوں کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا تقریر سیکرٹری اطلاعات جماعت اسلامی پاکستان شکیل احمد ترابی، ڈپٹی سیکرٹری اسلام آباد شاہد شمسی، مرکزی میڈیا کوآرڈینیٹر شاہد اجمل، سیکرٹری اطلاعات اسلام آباد رب نواز ملک اور مختلف قومی و مقامی پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا بار بار التوا شہریوں سے ان کا جمہوری حق چھیننے کے مترادف ہے۔ منتخب بلدیاتی نظام نہ ہونے کی وجہ سے عوام کے روزمرہ مسائل بڑھتے جارہے ہیں۔ دارالحکومت کے متعدد علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی قلت، ٹوٹی پھوٹی سڑکیں، نکاسیٔ آب کا ناقص نظام، ٹریفک کا دباؤ، ماحولیاتی آلودگی اور دیگر شہری مسائل تشویشناک صورت اختیار کر چکے ہیں، مگر متعلقہ ادارے عوامی مشکلات کے ازالے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے مطالبہ کیا کہ اسلام آباد میں فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں، مقامی حکومتوں کو بااختیار بنایا جائے اور شہریوں کو صاف پانی، معیاری انفراسٹرکچر، بہتر ٹرانسپورٹ، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ وفاقی دارالحکومت حقیقی معنوں میں عوام دوست اور مثالی شہر بن سکے

بقیہ نمبر 20

پی ہزارہ کے ڈویژنل صدر ملک فاروق تنولی اور جنرل سیکرٹری ذوالفقار قریشی بھی موجود ہوں گے پی پی ایچ ہری پور کے پارٹی ترجمان نے تمام پارٹی عہدیداران رہنماؤں و دیگر پارٹی کارکنوں کو صبح 10 بجے وقت مقررہ پر صدر جہانزیب خان تنولی کی رہائش گاہ کھلابٹ پہنچنے کی ہدایت کی ہے

بقیہ نمبر 21

عوام کے مسائل کا بروقت ازالہ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔
اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری اپنے مسائل کے حل کے لیے آئی جی پی شکایت سیل 1715 پر بھی اپنی شکایات اور مسائل درج کروا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے شہریوں تک پہنچ کر ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔
انہوں نے مزید بتایا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کی ہدایات جاری کر رکھی ہیں، جس کے تحت تمام زونل ایس ہیز اپنے اپنے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کا ہر شہری ان کھلی کچہریوں میں بلا جھجک اپنے مسائل پیش کر سکتا ہے، جبکہ اسلام آباد پولیس کی اس عوامی رابطہ مہم کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے

بقیہ نمبر 22

حقیقی اور بین المذاہب سرگرمیوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ ادارے نے اپنے قیام سے اب تک ایران اور مختلف ممالک میں بین المذاہب و بین الممالک ہم آہنگی، وحدتِ امت اور باہمی روابط کے فروغ کے لیے متعدد پروگرامز، کانفرنسیں اور علمی نشستیں منعقد کی ہیں، جن کے مثبت اور مؤثر نتائج سامنے آئے ہیں۔ قائد ملت جعفریہ پاکستان حضرت آیت اللہ سید ساجد علی نقوی دامت برکاتہ نے پاکستان میں اتحادِ امت کے فروغ، باہمی ہم آہنگی اور وحدتِ اسلامی کے حوالے سے اپنے تجربات اور خدمات پر تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ امتِ مسلمہ کو موجودہ چیلنجز کا مقابلہ اتحاد، اخوت اور باہمی احترام کے ذریعے کرنا ہوگا۔ اس موقع پر مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی حفظہ اللہ نے بھی مختلف ملی، دینی اور بین الاقوامی امور پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے اختتام پر رہبر شہید کے بلندیٔ درجات اور قائد ملت جعفریہ پاکستان کی مرحومہ اہلیہ کے ایصالِ ثواب کے لیے خصوصی فاتحہ خوانی اور دعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 23

ہدایت کی کہ باقی ماندہ تمام کام مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو جدید سیکیورٹی، موثر ٹریفک مینجمنٹ اور اسمارٹ پولیسنگ کی سہولیات جلد از جلد فراہم کی جاسکیں۔ محمد ہارون جوئیہ نے کہا کہ سیف سٹی تو سیفی منصوبہ شہر میں جرائم کی روک تھام، ٹریفک کے نظم و ضبط، ای چالان سسٹم کی بہتری اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام تکنیکی، انتظامی اور آپریشنل امور کو بروقت مکمل

کرتے ہوئے منصوبے کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ اسے جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اسلام آباد پولیس جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کے ذریعے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، محفوظ ٹریفک نظام کی فراہمی اور بہترین عوامی خدمات کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 24

انتہائی غیر ذمہ دارانہ ہیں توبہ تائب ہوں اور شہداء کے خاندانوں سے معافی مانگیں، شہید کے خون کا پہلا قطرہ جہاں گرے وہ جگہ بھی مقدس ہے، اپنے ایک بیان میں دونوں رہنماؤں کا کہنا ہے کہ خاندان نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضائے الٰہی کیلئے قربانیوں کے نتیجے میں بہائے جانیوالے خون پر معترض، ملک و قوم کی بقاء و سلامتی میں پیش کی جانیوالی جانوں کے نذرانے پر گمراہ کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ ان رہنماؤں نے کہا کہ پاک فوج کو اللہ پاک نے خانہ خدا کعبہ شریف میں خدمات سرانجام دینے جیسا عظیم الشان مقام عطا فرمایا ان رہنماؤں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے شہدائے پاک وطن بارے جو کلمات ادا کیئے وہ دینی، دنیاوی و اخلاقی حوالوں سے نامناسب اور انتہائی غیر ذمہ دارانہ ہیں توبہ تائب ہوں اور شہداء کے خاندانوں سے معافی مانگیں۔

بقیہ نمبر 25

پیشنجر پر بھی تفصیلی غور و فکر کیا گیا اجلاس میں ان امور کے تناظر میں جماعت اسلامی کے آئندہ لائحہ عمل، تنظیمی ترجیحات اور عوامی فلاح کے لیے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ملک بھر میں خواتین اور بچیوں کے تحفظ، جنسی جرائم، صحت، تعلیم کی کمی اور ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی سے متعلق اہم قراردادیں منظور کی گئیں

بقیہ نمبر 26

اقبال عباسی، مولانا ڈاکٹر منیر احمد، مولانا ڈاکٹر محمد سلیم سعیدی، مولانا سید جہانگیر شاہ سعیدی نے شرکت کی۔ مولانا ڈاکٹر سعید الرحمن، مولانا ابوبکر صدیق، مولانا ڈاکٹر حفیظ الرحمن، علامہ سجاد نقوی، علامہ اختر عباس، مولانا وقاص مجید، مولانا مجیب الرحمٰن، مولانا انیس الرحمن، قاری محمد صدیق اور مولانا حسن فاروق بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ علماء و مشائخ نے حکومت پاکستان کے ساتھ ہر مثبت اقدام میں بھرپور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو گمراہ کن پروپیگنڈے سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے مشترکہ علمی، دینی اور سماجی کوششیں مؤثر بنائی جائیں۔ علماء و مشائخ نے کہا کہ اسلام امن، اعتدال، رواداری اور انسانی جان کے احترام کا دین ہے، ریاست، معاشرے اور امن کو نقصان پہنچانے والا ہر عمل قابل مذمت ہے۔ تخریبی سرگرمیوں کے خلاف حکومت اور سکیورٹی فورسز سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ علماء و مشائخ نے شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی اور وطن عزیز کو ہر قسم کے داخلی و خارجی خطرات سے محفوظ رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 27

خیال کیا گیا اس موقع پر عدنان نثار نے کہا کہ اپنا سا ملک بھر میں نجی تعلیمی اداروں کی سب سے بڑی نمائندہ تنظیم ہے جو فروغِ تعلیم شرحِ خواندگی میں اضافے اور معیاری تعلیم کی فراہمی میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجی تعلیمی شعبہ حکومت کا مضبوط شراکت دار اور تعلیمی نظام کا اہم حصہ ہے اس لیے تعلیمی پالیسی سازی اور انتظامی معاملات میں نجی شعبے کی مشاورت اور مؤثر نمائند

اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال اور سفیر مصر کے قومی دن کی تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

پوری پاکستانی قوم شہداء اور غازیوں کی عظیم قربانیوں کی مقروض ہے، علماء و مشائخ

دہشت گردی، انتہاپسندی، فرقہ واریت اور تشدد کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں، وزیر مذہبی امور سردار یوسف

علماء کی امن کو نقصان پہنچانے والے ہر عمل قابل مذمت، تخریبی سرگرمیوں کیخلاف حکومت اور سیکیورٹی فورسز سے یکجہتی کا اظہار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) علماء و مشائخ نے قومی سلامتی کیلئے ریاست کے مثبت اقدامات کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری پاکستانی قوم شہداء اور غازیوں کی عظیم قربانیوں کی مقروض ہے، دہشت گردی، انتہاپسندی، فرقہ واریت اور تشدد کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں۔ وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی زیر صدارت علماء و مشائخ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں شرکاء نے آئین کی بالادستی اور ریاستی اداروں کے استحکام کے عزم کا اظہار کیا۔ علمائے کرام کے اجلاس میں مولانا ذوالفقار، مولانا عبدالقادر سکندری، مولانا ایوب انصاری، مولانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 2)

اپسما وفد کی ڈی ای اور راولپنڈی سے اہم ملاقات

نجی تعلیمی اداروں اور محکمہ تعلیم کے درمیان تعاون پر اتفاق

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن اپسما راولپنڈی کے صدر عدنان نثار نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اور فوکل پرسن برائے پرائیویٹ اسکولز ڈاکٹر شہنشاہ بابر خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی جس میں نجی تعلیمی شعبے کو درپیش مسائل باہمی تعاون اور تعلیمی نظام کی بہتری سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے اپسما کے صدر ملاقات کر رہے ہیں

عوام کی شکایات کا ازالہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح، ڈی سی مری

اسسٹنٹ کمشنرز عوامی شکایات پر پیش رفت کی روزانہ کی بنیاد پر نگرانی کریں

مری (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی اوپن ڈور پالیسی، سائلین کے مسائل کے فوری حل کے احکامات، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے بروقت ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو فوری احکامات جاری کر دیئے، ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقدہ ملاقات کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 3)

مری، ڈی سی آغا ظہیر شیرازی عوامی مسائل سن رہے ہیں

بلھے شاہ ایکسپریس بحالی، لاہور ریلوے سٹیشن اپ گریڈ، نئی ٹرینوں کا اعلان

ریلوے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا رہا ہے، لاہور سے واہگہ ٹرین کی بحالی کی تیاری جاری ہے، حنیف عباسی

ڈی ایم جی منصوبہ شروع کیا جائے تو پورے پنجاب میں اورنج لائن جیسا جدید ٹرانسپورٹ نظام نظر آئیگا، خطاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ بلھے شاہ ایکسپریس کا افتتاح کیا جا رہا ہے، یہ ٹرین 15 سال قبل بند ہوئی تھی اور اس کی دوبارہ بحالی کا عوام کو بے چینی سے انتظار تھا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حنیف عباسی نے کہا کہ ریلوے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا رہا ہے، لاہور سے واہگہ ٹرین کی بحالی کی تیاری جاری ہے جبکہ راوی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 3)

نمایاں کارکردگی پر پولیس افسران کو تعریفی اسناد سے نواز دیا گیا

افسران نے فرض شناسی، ایمانداری اور بھرپور لگن کے ساتھ فرائض سرانجام دیے، عبدالحق عمرانی

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل آف پولیس لوجسٹکس عبدالحق عمرانی نے فرائض منصبی کی انجام دہی کے دوران نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کو تعریفی اسناد سے نواز دیا۔ اس موقع پر عبدالحق عمرانی نے کہا کہ متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 3)

راجہ خلیل بہترین کارکردگی پر نقد انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نواز گیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) سپرنٹنڈنٹ پولیس (ایس پی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی کی جانب سے محکمہ میں شاندار، پیشہ ورانہ اور قابلِ تحسین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر راجہ خلیل کو نقد انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

SHEHAR NAMA
شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

سی ڈی اے کارروائیاں، 175 ڈھانچے مسمار، 100 کنال اراضی واگزار

پونا فقیراں میں بھاری مشینری کی مدد سے سرکاری اراضی پر قائم تجاوزات کو مسمار کیا گیا

اسلام آباد (سردار وقار احمد) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے ڈائریکٹوریٹ آف انفورسمنٹ کی جانب سے وفاقی دارالحکومت میں تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائیاں تیزی سے جاری ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل انفورسمنٹ انعم فاطمہ کی زیر نگرانی شہر کے مختلف علاقوں میں سرکاری اراضی کو قبضہ مافیا سے واگزار کرانے کے لیے آپریشنز کیے جا رہے ہیں۔ اسی سلسلے میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر انفورسمنٹ ارسلان گوندل کی سربراہی میں پونا فقیراں کے علاقے میں بڑے پیمانے پر انسدادِ تجاوزات آپریشن کیا گیا۔ آپریشن میں سی ڈی اے انفورسمنٹ اور سی ڈی اے پولیس کی بھاری نفری نے حصہ لیا، جبکہ بھاری مشینری کی مدد سے سرکاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

موبائل لائسنسنگ یونٹ کاجھیکا گلی چوک پر پراؤ، شہریوں نے استفادہ حاصل کیا

مری (نمائندہ خصوصی) موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنسنگ یونٹ کی طرف سے جمعہ کے دن جھیکا گلی چوک پر عوام کو لائسنسنگ سہولیات فراہم کی گئیں، موبائل لائسنسنگ یونٹ صبح 00:9 بجے سے شام 00:5 بجے تک عوام کی خدمت کی، شہریوں نے موبائل یونٹ سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

زیرِ التوا مقدمات کو میرٹ پر جلد از جلد نمٹایا جائے، آئی جی اسلام آباد

تفتیشی نظام، عوامی شکایات اور مصالحتی عمل کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے محکمانہ امور، زیرِ تفتیش مقدمات کی پیش رفت، عوامی شکایات کے ازالے اور مصالحتی نظام کی بہتری کے حوالے سے مختلف اہم اجلاسوں کی صدارت کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز محمد عتیق طاہر اور ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد عثمان طارق بٹ کے ہمراہ اجلاس میں تفتیشی نظام، زیرِ التوا مقدمات اور مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے افسران کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 1)

اسلام آباد سی ڈی اے، آئی سی ٹی اور اشرافیہ کے رحم و کرم پر، نصر اللہ رندھاوا

بلدیاتی انتخابات میں تاخیر شہری حقوق کی پامالی ہے، امیر جماعت اسلامی اسلام آباد

اسلام آباد (پ ر) امیر جماعت اسلامی اسلام آباد انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت آج بھی سی ڈی اے، آئی سی ٹی اور اشرافیہ کے رحم و کرم پر ہے، جبکہ شہری بنیادی سہولیات اور اپنے آئینی و جمہوری حقوق سے محروم ہیں۔ ان خیالات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 1)

چیئرپرسن BISP روبینہ خالد آج ہری پور کا دورہ کریں گی

پارٹی ترجمان کی پی پی کارکنوں کو صبح 10 بجے وقت کھلا بٹ پہنچنے کی ہدایت

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما و چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام محترمہ روبینہ خالد آج ہری پور کا دورہ کریں گی دورے کی دعوت پاکستان پیپلز پارٹی ہری پور کے ضلعی صدر جہانزیب خان تنولی نے دی ہے پارٹی ذرائع کے مطابق میڈیم روبینہ خالد جہانزیب خان تنولی کی رہائشگاہ پر پی پی پی ہری پور کے پارٹی عہدیداران و کارکنوں سے ملاقات کریں گی جبکہ اس موقع پر پی پی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 0 2)

محمد جواد طارق اور زونل ایس پیز کی کھلی کچہریاں

شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین اور ایس پی صدر زون خالد محمود اعوان نے اپنے دفاتر میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں کے مسائل اور شکایات سنی گئیں۔ کھلی کچہری کے دوران ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اور زونل ایس پیز نے متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ساجد نقوی اور شبیر میثمی کی مجمع تقریب بین المذاہب کے مرکزی دفتر آمد

آیت اللہ حمید شہریاری سے ملاقات، بین المذاہب سرگرمیوں پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) قائد ملت جعفریہ پاکستان، نمائندہ ولی فقیہ حضرت آیت اللہ سید ساجد علی نقوی دامت برکاتہ اور مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی حفظہ اللہ نے قم المقدسہ میں مجمع تقریب بین المذاہب کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا، جہاں رئیس مجمع آیت اللہ آقائے حمید شہریاری حفظہ اللہ نے معزز مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات کے دوران ملی، قومی اور بین الاقوامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آیت اللہ حمید شہریاری نے مجمع تقریب بین المذاہب کے قیام کے بنیادی مقاصد، ادارے کی مختلف علمی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

ہارون جوئیہ کی زیرِ صدارت سیف سٹی توسیعی منصوبے کا جائزہ اجلاس

منصوبے کی رفتار مزید تیز کرنے باقی ماندہ کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ڈی جی سیف سٹی وڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیرِ صدارت سیف سٹی توسیعی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں منصوبے پر کام کرنے والی ٹیم اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران سیف سٹی توسیعی منصوبے کی مجموعی پیش رفت، مکمل ہونے والے منصوبوں، زیرِ تکمیل کاموں اور باقی ماندہ سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں منصوبے کے مختلف تکنیکی اور انتظامی پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا جبکہ ڈی جی سیف سٹی وڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ نے متعلقہ افسران کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 3)

اسلام آباد، مزدور اپنی ہاتھ گاڑیوں میں ہی آرام کر رہے ہیں

فضل الرحمان شہداء کے خاندانوں سے معافی مانگیں، سلیم لغاری

مولانا پاک فوج کی قربانیوں پر گمراہ کرنے میں مصروف عمل، شہباز لغاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) خدمت انسانیت پارٹی پاکستان کے رہنماؤں محمد سلیم لغاری اور محمد شہباز سی ای او ای کیو کیو این نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان نے شہدائے پاک وطن بارے جو کلمات ادا کیے وہ دینی، دنیاوی و اخلاقی حوالوں سے نامناسب اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 2)

جماعت اسلامی حلقہ خواتین مرکزی شوریٰ کا اجلاس اختتام پذیر

خواتین اور بچیوں کے تحفظ، جنسی جرائم کیخلاف اہم قراردادیں منظور

لاہور (بیورو رپورٹ) حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کی مرکزی شوریٰ کا تین روزہ اجلاس سیکرٹری جنرل ڈاکٹر حمیرا طارق کی سربراہی میں اختتام پذیر ہو گیا اجلاس میں مرکزی شوریٰ کے ارکان ملک بھر سے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران حلقہ خواتین جماعت اسلامی کی گزشتہ ششماہی کے فیصلوں، منصوبہ بندی، مختلف شعبہ جات کی کارکردگی، عمل درآمد کی موجودہ صورتحال اور آئندہ ششماہی کے اہداف کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس کے ساتھ تنظیمی استحکام، دعوتی و تربیتی سرگرمیوں اور عوامی خدمت کے مختلف منصوبوں پر بھی غور کیا گیا مرکزی شوریٰ کے اجلاس میں ملک کی مجموعی سیاسی، سماجی اور معاشی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل اور قومی سطح پر موجود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 2)

ٹوکیو، جاپان میں پاکستانی سفیر عبدالحمید جاپان کے نائب وزیر کو کتاب پیش کر رہے ہیں

تعلیم صحت ٹرانسپورٹ کے شعبوں میں انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

طلباء کو لیپ ٹاپ، سکالرشپ، الیکٹرک بائیکس مل رہی ہیں، نواز شریف سکول آف ایمینس منصوبہ تعلیمی انقلاب ثابت ہوگا

مفت ادویات، ٹیسٹ ہو رہے ہیں، پنجاب میں تحصیل لیول تک گرین الیکٹرک بسوں کا جال بچھایا جا رہا ہے، صوبائی وزیر

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پنجاب میں تعلیم، صحت اور ٹرانسپورٹ کے شعبوں میں انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ طلباء کو لیپ ٹاپ، سکالرشپ، الیکٹرک بائیکس مل رہی ہیں، نواز شریف سکول آف ایمینس منصوبہ تعلیمی انقلاب ثابت ہوگا، لاہور میں نواز شریف کینسر ہسپتال اور سرگودھا میں کاڈیالوجی ہسپتال مکمل ہو چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات اور تمام ٹیسٹ مفت ہو رہے ہیں، پنجاب میں اضلاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

پاسدارانِ انقلاب کا شام میں امریکی سپیشل آپریشنز کمانڈ سینٹر پر سرپرائز حملہ

تہران (آئی این پی) ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانشہر میں شہدا کے بدلے کے لیے شام کے علاقے التنف میں امریکی سپیشل آپریشنز کمانڈ سینٹر پر اچانک حملہ کیا ہے۔ ایرانی میڈیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

فیفا ورلڈ کپ، تیسری پوزیشن کیلئے فرانس اور انگلینڈ آج ٹکرائیں گے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) فیفا ورلڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ 2026 تیسری پوزیشن کیلئے فرانس اور انگلینڈ آج ٹکرائیں گے، فائنل میچ ارجنٹینا اور اسپین کی ٹیموں کے درمیان کل بروز اتوار کھیلا جائے گا، تفصیلات کے مطابق فیفا ورلڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ 2026 میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

گوجر خان: شہری کو قتل کرنے والے چار افراد گرفتار

گوجر خان (بیورو رپورٹ) پولیس سرکل گوجر خان تھانہ جاتلی کی کارروائی، فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے چار افراد گرفتار کر لیے گئے، تفصیلات کے مطابق پولیس سرکل گوجر خان تھانہ جاتلی نے کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

بجلی نرخ میں 1 روپے 20 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان

سی پی پی اے نے درخواست جمع کرا دی، نیپرا 29 جولائی کو سماعت کرے گا

اسلام آباد (صباح نیوز) بجلی کی قیمت میں ایک روپے 20 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان ہے۔ سی پی پی اے نے جون کی ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں اضافے کے لئے درخواست جمع کرا دی جس میں ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپے 20 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ نیپرا کی جانب سے درخواست پر 29 جولائی کو سماعت کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

فیصل آباد، سخت گرمی میں مزدور بھٹہ پر اینٹیں بنانے میں مصروف ہیں

عشرہ شہیدۂ زندان کی مجالس و جلوس جاری

عقیدۂ ولایت و عزاداری پر بنیان مرصوص کی طرح قائم، بشارت حسین امامی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) کم سن شہیدۂ کربلا حضرت سکینہ بنت الحسین کی شہادت کی مناسبت سے جاری عشرہ شہیدۂ زندان کی مجالس و جلوسوں کا سلسلہ ملک بھر میں عقیدت و احترام کے ساتھ جاری ہے۔ اس مناسبت سے قصرِ امام المنتظر ڈیفنس ہائی وے اسلام آباد میں صوبیدار اصغر حیدری، اسد عباس حیدری اور شاہد عباس حیدری و برادران کے زیر اہتمام عظیم الشان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

سن شہیدۂ کربلا حضرت سکینہ بنت الحسین کی شہادت کی مناسبت سے جاری مجلس سے ذاکرین خطاب کر رہے ہیں

مسئلہ کشمیر کا حل آزادانہ منصفانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری ہے، سردار مسعود

بھارتی سپریم کورٹ کو یقین دہانی کے باوجود مقبوضہ علاقے کی حیثیت کی بحالی میں تاخیر نئی دہلی کی بدنیتی کو ظاہر کرتی ہے

اسلام آباد (خبرنگار) آزاد کشمیر کے سابق صدر اور امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی ریاستی حیثیت کی بحالی محض ایک جزوی انتظامی اقدام ہوگا اور یہ اقدام کشمیری عوام کے بین الاقوامی طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

ملتان، ایک خانہ بدوش خاندان اپنے لیے عارضی گھر تیار کر رہا ہے

موبائل سنیچنگ، چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 5 خطرناک ملزمان گرفتار

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان پولیس کی کارروائی موبائل سنیچنگ، چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 5 خطرناک ملزمان گرفتار کر لیا، تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے اے ایس پی سید دانیال حسن کی نگرانی اور ایس ایچ او انسپکٹر طیب ظہیر بیگ کی قیادت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 0 1)

مین ماہ سے تنخواہ نہ ملنے پر صفائی ورکر موت کے منہ میں چلا گیا

سول ہسپتال گوجر خان کے صفائی ورکروں نے ہڑتال کر دی

گوجر خان (بیورو رپورٹ) سرکاری محکموں کے افسران اور ٹی ایچ کیو کی پرائیوٹ صفائی کمپنی کی ظالمانہ پالیسی اور بے حسی ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان میں تعینات صفائی ورکر موت کے منہ میں چلا گیا۔۔۔ اسماعیل آصف سول ہسپتال گوجر خان میں گزشتہ سات سال سے بطور صفائی ورکر تعینات تھا۔ تین ماہ سے دیگر صفائی ورکروں کی طرح اسماعیل بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 1)

برطانیہ میں ایرانی انٹیلی جنس کیلئے جاسوسی، 39 سالہ شخص گرفتار

لندن (آئی این پی) برطانیہ کی انسداد دہشت گردی پولیس نے ایک 39 سالہ شخص پر ایران کی انٹیلیجنس سروس کی مبینہ معاونت کے الزام میں فردِ جرم عائد کر دی ہے۔ برطانوی پولیس کے مطابق واحد عابری نامی ملزم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 1)

واشنگٹن میں بینگو فیسٹیول پاک۔امریکہ کمیونٹی کی شرکت

واشنگٹن (صباح نیوز) پاکستانی سفارت خانہ واشنگٹن ڈی سی میں بینگو فیسٹیول میں امریکی و پاکستانی کمیونٹی نے بھرپور انداز میں شرکت کی ہے۔ بینگو فیسٹیول کا اہتمام سفارت خانہ پاکستان کی جانب سے کیا گیا تھا، جس میں امریکیوں، پاکستانیوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں واشنگٹن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

مانسہرہ انتظامیہ کی افغان مہاجرین کیخلاف کارروائیاں، 7 دوکانیں سیل

آپریشن کی اطلاع ملتے ہی متعدد افغان تاجر دکانیں بند کر کے موقع سے فرار ہو گئے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ میں غیر قانونی افغان مہاجرین کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں، سات دوکانیں سیل، شنکیاری میں متعدد افغان تاجر دکانیں بند کر کے فرار، کارروائی کا عمل جاری، تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر بفہ پکھل محمد الیاس کی زیر نگرانی شنکیاری بازار سمیت دیگر مقامات پر غیر قانونی طور پر کاروبار کرنے والے افغان مہاجرین کے خلاف کارروائیاں کی گئیں ذرائع کے مطابق کارروائیوں کے دوران مختلف مقامات پر سات سے زائد غیر قانونی دکانیں سیل کر دی گئیں جبکہ انتظامیہ کی آمد کی اطلاع ملتے ہی متعدد افغان تاجر اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

تھانہ نون پولیس کی کارروائی، منشیات فروش گرفتار

پولیس منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا، تبارک ستی

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت کو منشیات سے پاک بنانے کی مہم کے سلسلے میں ایک اہم کارروائی کرتے ہوئے تھانہ نون کے علاقے میں ایک مبینہ منشیات فروش کو گرفتار کر لیا کارروائی اے ایس آئی تبارک ستی کی سربراہی میں عمل میں لائی گئی جس کے دوران ملزم کے قبضے سے بھاری مقدار میں ہیروئن برآمد کر لی گئی پولیس کے مطابق تھانہ نون کی ٹیم معمول کی گشت پر تھی کہ سروس روڈ کے علاقے میں ایک مشکوک شخص کو روک کر اس کی تلاشی لی گئی۔ دورانِ تلاشی ملزم جس کی شناخت محمد عرفان کے نام سے ہوئی کے قبضے سے 1330 گرام ہیروئن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

کیپٹل سمارٹ سٹی چکری روڈ کے ملازمین کا احتجاج جاری

کئی ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے پر مزدور سراپا احتجاج، اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ

اڈیالہ (نامہ نگار) کیپٹل سمارٹ سٹی چکری روڈ کے ملازمین کا احتجاج جاری، کئی ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے پر مزدور سراپا احتجاج چکری روڈ پر واقع کیپٹل سمارٹ سٹی کے سینکڑوں ملازمین گزشتہ تین سے چار ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف شدید احتجاج کر رہے ہیں۔ مظاہرین کے مطابق چار سے پانچ سو ملازمین اپنی جائز تنخواہوں کے منتظر ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کئی ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے کے باعث ان کے گھروں میں فاقوں کی نوبت آ چکی ہے۔ بچوں کے دودھ، کھانے پینے اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا ناممکن ہو گیا ہے، جبکہ والدین اور اہل خانہ بھی شدید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد پولیس، اشتہاریوں مفرور سمیت 38 ملزمان گرفتار

قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن بھی برآمد کر لیا گیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے مؤثر کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 38 ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن بھی برآمد کر لیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں تھانہ سبل سبزی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
جنرل آرڈر سپلائر
شاہکار پرنٹرز
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اور چینل لیک ڈیپارٹمنٹس
ایوارڈ شیلڈز کی چین پن پرنٹنگ شرٹس پرنٹنگ بیج اینڈ لوگو میکر گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ لیٹر پیڈ سائن بورڈ ٹائی فائل بل بکس سکول کاپی پارٹی پرچم اشتہارات بروشرز سکول ڈائری سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083